آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز منگل 09 جون 2020ء بمطابق 16 شوال 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ 157

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	4:24
ظہر	2:00
عصر	5:45
مغرب	7:12
عشاء	08:45

اہل تشیع	
فجر صبح	04:15
ظہر	01:00
مغرب	07:27

آئندہ بجٹ میں صحت کے شعبے کی ترقی کو ترجیح دی جائے گی، وزیراعلیٰ بلوچستان

کورونا وائرس سے صحت کی شعبے کی کمزوریاں سامنے آئیں جنہیں ٹھیک کریں گے، کورونا وائرس کے ساتھ چلنا ہے لیکن یہ اب عوام پر منحصر ہے کہ وہ احتیاطی تدابیر کے ساتھ اپنے آپ کو کس حد تک محفوظ رکھتے ہیں

اگر عوام محتاط رہیں گے تو وائرس کے اثرات درمیانی سطح کے ہوں گے لیکن بے احتیاطی کی صورت میں اس کے اثرات شدید ہو سکتے ہیں جس سے انہیں ہسپتال میں داخل ہونے، آکسیجن اور وینٹیلیٹر کی ضرورت بھی پڑ سکتی ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کرونا وائرس سے متعلق امور کے جائزہ اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی زیر صدارت منعقدہ اعلیٰ سطحی اجلاس میں covid-19 سے متعلق امور، وائرس کے پھیلاؤ اور اس کے اثرات کا جائزہ لیتے ہوئے انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ کو پرائمری اور سیکنڈری سطح پر کووڈ 19 کی ٹریننگ اور پروٹوکول کی تیاری کی ہدایت کی گئی، اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری برائے صحت ڈاکٹر ربابہ بلیدی، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ، سیکرٹری صحت، سیکرٹری خزانہ، سیکرٹری فیصل و انچارج پی سی او ہی، ایڈیشنل آئی جی پولیس، ڈی جی صحت، ڈی جی فوڈ، ڈی جی زراعت، ڈی جی تعلقات عامہ، آئی جی پولیس طب اور پبلک ہیلتھ کے شعبہ کے ماہرین بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

جولائی یا اگست میں ملک میں کورونا کیسز عروج پر ہوں گے، وزیراعظم

احتیاط نہ کی تو بہت مشکل وقت آنے والا ہے، عوام ایس او پیز پر عمل کریں تو کیسز تیزی سے نہیں پھیلیں گے، لاک ڈاؤن سے کورونا ختم نہیں ہوتا بلکہ وبا پھیلنے کی رفتار کم ہو جاتی ہے، عمران خان

کوشش کر رہے ہیں رواں ماہ 1000 بیڈز وینٹی لیٹر کے ساتھ پورے ملک میں پہنچا دیں، ہم نے ایپ بھی بنا دی ہے جو لوگوں کو رہنمائی دے گی کہ ملک میں کس ہسپتال میں وینٹی لیٹر یا دیگر سہولیات میسر ہیں، میڈیا سے گفتگو

ہماری جو جدوجہد اس میں ہے کہ کورونا آہستہ سے پھیلے کورونا نے پھیلنا تو ہے مگر تیزی سے نہ پھیلے کیونکہ اگر یہ تیزی سے پھیل گیا تو ہمارے اسپتالوں پر پریشر پڑے گا اگر ہم ایس او پیز پر عمل کریں تو انشاء اللہ ہم اس کو سنبھال لیں گے

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم عمران خان نے خبردار کیا ہے کہ جولائی یا اگست میں ملک میں کورونا کیسز عروج پر ہوں گے، اگر احتیاط نہ کی تو بہت مشکل وقت آنے والا ہے اور ملک کو نقصان ہوگا، عوام اگر (ایس او پیز) پر عمل کریں تو کیسز تیزی سے نہیں پھیلیں گے اور پاکستان اس تباہی سے نہیں گزرے گا جو دیگر امیر ممالک پر آئی ہے، لاک ڈاؤن سے کورونا ختم نہیں ہوتا بلکہ وبا پھیلنے کی رفتار کم ہو جاتی ہے، ہم کوشش کر رہے ہیں کہ رواں ماہ 1000 بیڈز وینٹی لیٹر کے ساتھ پورے ملک میں پہنچا دیں، ہم نے ایک ایپ بھی بنا دی ہے جو کہ لوگوں کو رہنمائی دے گی کہ ملک میں کس ہسپتال میں وینٹی لیٹر یا دیگر سہولیات میسر ہیں۔ یہ کورونا وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت کورونا وائرس کی صورتحال سے متعلق اجلاس ہوا اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ جب بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما خواجہ محمد آصف قومی اسمبلی کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان میں کورونا وائرس تیزی سے پھیل رہا ہے، ترجمان حکومت بلوچستان

عوام کے تعاون کے بغیر کورونا جیسی عالمگیر وبا کا مقابلہ مشکل ہے اگر عوام ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد کریں گے تو نہ صرف خود محفوظ ہوں گے بلکہ دوسروں کو بھی محفوظ رکھ سکیں گے

کوئٹہ (آن لائن) حکومت بلوچستان کے ترجمان لیاقت شاہوانی نے کہا ہے کہ عوام کے تعاون کے بغیر کورونا جیسی عالمگیر وبا کا مقابلہ مشکل ہے، اگر عوام ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد کریں گے تو نہ صرف خود محفوظ ہوں گے بلکہ دوسروں کو بھی محفوظ رکھ سکیں گے، صوبے میں ایک ٹیلیفکیشن کے ذریعے بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں ایک ہی دن میں کورونا وائرس سے مزید 4 افراد جاں بحق

272 نئے کیسز رپورٹ ہونے کے بعد صوبے میں متاثرہ افراد کی تعداد 6788 ہوگئی،

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں ایک ہی دن میں کورونا وائرس سے مزید 4 افراد جاں بحق جبکہ 272 نئے کیسز رپورٹ ہونے کے بعد صوبے میں متاثرہ افراد کی تعداد 6788 ہوگئی، محکمہ صحت بلوچستان کے کورونا وائرس آپریشن سیل کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق صوبے میں یہ کو بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

شیخ رشید کی کورونا رپورٹ مثبت، گھر میں خود کو قرنطینہ کر لیا

بظاہر کوئی علامات نہیں تھی، شک کی بنیاد پر ٹیسٹ کرایا تو وبا کی تشخیص ہوئی، ترجمان وزارت ریلوے

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر ریلوے شیخ رشید احمد بھی کورونا کا شکار ہو گئے۔ وزیر ریلوے نے خود کو گھر میں قرنطینہ کر لیا۔ ترجمان وزارت ریلوے کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق وفاقی وزیر ریلوے شیخ رشید کو بظاہر کوئی علامات نہیں تھی تاہم انہوں نے شک کی بنیاد پر کورونا بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے غیر معیاری اور مضر صحت آئسکریم، آئس قلفی اور مشروبات کے خلاف جاری کارروائیوں

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے غیر معیاری اور مضر صحت آئسکریم، آئس قلفی اور مشروبات کے خلاف جاری کارروائیوں کے دوران نواں کلی میں قلفی کے دو کارخانوں جبکہ ایک آئس کریم ڈسٹری بیوشن یونٹ سیل کر دیا گیا۔ پی ایف اے کی آپریشن ٹیم نے کارروائی کے دوران مذکورہ مراکز بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

جسٹس جناب جسٹس روزی خان بڑیچ نے سینیٹر میر سرفراز بگٹی کے خلاف پکی کے اغواء میں معاونت سے متعلق کیس کی سماعت کی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان ہائی کورٹ کے جسٹس جناب جسٹس روزی خان بڑیچ نے سینیٹر میر سرفراز بگٹی کے خلاف پکی کے اغواء میں معاونت سے متعلق کیس کی سماعت کی سماعت کے دوران سینیٹر میر سرفراز بگٹی بھی عدالت میں پیش ہوئے سماعت کے دوران عدالت نے پکی کے اغواء کے کیس میں پیشرفت سے متعلق بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وفاقی وزیر مواصلات و چیئرمین سرمز مراد سعید قومی اسمبلی کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

مساجد کے باہر ڈنڈے مار کر لوگوں کو نہیں روک سکتے، فواد چوہدری

نواز شریف، شہباز شریف لمبا عرصہ اقتدار میں رہے، ہر جگہ اپنے لوگ بھرتی کرائے

سخت لاک ڈاؤن کر دیں تو غذائی بحران بھی پیدا ہو سکتا ہے، وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی

فیصل آباد (آن لائن) وفاقی وزیر برائے سائنس و ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے کہا ہے کہ مساجد کے باہر ڈنڈے مار کر لوگوں کو نہیں روک سکتے، مکمل لاک ڈاؤن کی بات کرنا بڑا آسان ہے، سخت لاک ڈاؤن کر دیں تو غذائی بحران بھی پیدا ہو سکتا ہے، ہمیں لوگوں کو آگاہی دینی چاہیے۔ فیصل آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فواد چوہدری نے کہا کہ سابق وزیراعظم نواز شریف، سابق صدر شہباز شریف لمبا عرصہ اقتدار میں رہے، انہوں نے ہر جگہ اپنے لوگ بھرتی کرائے ہوئے تھے، اگلے پندرہ بیس بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

حکومت بلوچستان نے صوبے کے سرکاری دفاتر میں بغیر ماسک کے داخلے پر پابندی عائد کر دی

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان نے صوبے کے سرکاری دفاتر میں بغیر ماسک کے داخلے پر پابندی عائد کر دی، یہ کوئٹہ ایس بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

کوئٹہ کی مارکیٹ اور بازاروں میں ایس او پیز پر پوری طرح عمل نہ کئے جانے سے کورونا کیسز میں اضافہ

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے بازاروں میں لاک ڈاؤن کی ہدایات پر تو عمل درآمد ہو رہا ہے مگر شہر کی مارکیٹ اور بازاروں میں حکومت بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

چاغی کے علاقے میں سیکورٹی فورسز کی گاڑی الٹنے سے ایک جوان شہید جبکہ چار زخمی

دالبندین (این این آئی) ضلع چاغی کے علاقے میں سیکورٹی فورسز کی گاڑی الٹنے سے ایک جوان شہید جبکہ چار زخمی ہو گئے۔ ذرائع بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

چمن بارڈر کے قرنطینہ کیمپ سے دو سو افراد بغیر ٹیسٹ کرائے فرار ہو گئے

کوئٹہ (آن لائن) چمن بارڈر کے قرنطینہ کیمپ سے دو سو افراد بغیر ٹیسٹ کرائے فرار ہو گئے افغانستان سے آنے مسافر بیرا خاتون کو بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

پٹرولیم مصنوعات کی مصنوعی قلت اور بلیک میں فروخت کی وجوہات جاننے کے لئے کمیٹی قائم

اسلام آباد (آن لائن) پٹرولیم مصنوعات کی ذخیرہ اندوزی سے مصنوعی قلت پیدا کرنے اور بلیک میں فروخت کی وجوہات بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی کورونا وائرس کا شکار ہو گئے

لاہور (آن لائن) سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی کورونا وائرس کا شکار ہو گئے۔ سابق وزیراعظم کے بارے بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

بجٹ اہداف، پاکستان، آئی ایم ایف مذاکرات کا ایک اور دور بے نتیجہ ختم

اسلام آباد (آن لائن) آئندہ مالی سال 21-2020 کے بجٹ اہداف کے حوالے سے پاکستان اور عالمی مالیاتی بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

بیرون ممالک سے آنے والے مسافروں کا کورونا ٹیسٹ کیا جا رہا ہے، معید یوسف

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے قومی سلامتی ڈویژن معید یوسف کا کہنا ہے کہ ابھی بھی بیرون بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

ملک کے تمام ادارے کام کر سکتے ہیں تو پارلیمنٹ کیوں نہیں؟ چیف جسٹس

کورونا وائرس از خود نوٹس کیس، سپریم کورٹ نے ہفتہ اور اتوار کو مارکیٹس کھولنے کا فیصلہ واپس لے لیا، حکومت کو قانون سازی کا حکم

چین نے بھی وبا سے نمٹنے کے لیے فوری قانون بنائے، موجودہ حالات میں لوگوں کی زندگیوں کو خطرات لاحق ہیں، جسٹس گلزار کے ریمارکس

اسلام آباد (آن لائن) سپریم کورٹ نے ہفتہ اور اتوار کو مارکیٹیں کھولنے کا حکم بھی واپس لے لیا جبکہ حکومت سے ملک میں ٹڈی دل حملوں کے نقصانات کی تفصیلات بھی طلب کر لیں۔ چیف جسٹس گلزار احمد نے ریمارکس دیے ہیں کہ ملک کے تمام ادارے کام کر سکتے ہیں تو پارلیمنٹ کیوں نہیں؟ چین نے بھی وبا سے نمٹنے کے لیے فوری قانون بنائے۔ موجودہ حالات میں لوگوں کی زندگیوں کو خطرات لاحق ہیں، پریس کانفرنس کے ذریعے عوام کا تحفظ نہیں ہوگا بلکہ قانون بننے اور اس پر عمل سے ہوگا۔ جسٹس اعجاز الاحسن نے ریمارکس دیے کہ کورونا وائرس کسی صوبے میں تفریق نہیں کرتا اور لوگوں کو مار رہا ہے، وفاقی حکومت بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

کورونا کی وجہ سے ملکی معیشت مشکلات کا شکار ہے، عمران خان

سرکاری اداروں کی جانب سے اربوں روپے کے ماہانہ نقصان کا سارا بوجھ عوام کو برداشت کرنا پڑتا ہے

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ کورونا کی وجہ سے ملکی معیشت مشکلات کا شکار ہے، سرکاری اداروں کی جانب سے اربوں روپے کے ماہانہ نقصان کا سارا بوجھ عوام کو برداشت کرنا پڑتا ہے، موجودہ حالات اس امر کے متقاضی ہیں کہ ماہانہ کی بنیاد پر اربوں روپے کا نقصان کرنے والی قومی ایئر لائن میں اصلاحات اور تنظیم نو کا عمل تیز کیا جائے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار اپنی زیر صدارت قومی ایئر لائن میں اصلاحات و تنظیم نو کے حوالے سے اجلاس میں کیا۔ اجلاس میں وزیر برائے ہوابازی غلام سرور خان، وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز، مشیر اصلاحات ڈاکٹر عشرت حسین، معاون بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

صوبائی مشیر صحت و افرادی قوت حاجی محمد خان لہڑی آن لائن ویڈیو کانفرنس کے ذریعے شرکت کر رہے ہیں

کوئٹہ کے اسپتالوں میں مریضوں کے تناسب سے بیڈز کی گنجائش موجود ہے، ڈاکٹر ربابہ بلیدی

اسپتالوں کے سربراہان کو مریضوں کی تعداد میں غیر معمولی اضافے کی صورت میں متبادل پلان بھی تیار رکھنا چاہیے

کوئٹہ (این این آئی) پارلیمانی سیکرٹری برائے صحت بلوچستان ڈاکٹر ربابہ بلیدی نے کہا ہے کہ کورونا وائرس کے پھیلاؤ کے پیش نظر صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے بڑی اسپتالوں میں ممکنہ غیر معمولی صورتحال سے نمٹنے اور مریضوں کو بہتر طور پر مینج کرنے کے لیے دستیاب موجودہ انتظامات کے ساتھ ساتھ ترجیح پر مشتمل متبادل ہنگامی پلان مرتب کرنا ضروری ہے تاکہ دستیاب ہیلتھ اسٹرکچر پر پڑنے والے غیر معمولی دباؤ کو بہتر حکمت عملی سے بدستور قابل رکھا جا سکے اور اسپتالوں میں سرکاری سطح پر موجود بلیڈ بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

سعودی عرب میں قومی ایئر لائن کی دو خصوصی پروازیں 287 مسافروں کو لیکر پاکستان روانہ

جدہ (آن لائن) سعودی عرب میں قومی ایئر لائن کی دو خصوصی پروازیں 287 مسافروں کو لیکر پاکستان روانہ ہو گئیں ایئر پورٹ پر سوشل ڈسٹینس قونصلر ماجد میمن، کمرشل قونصلر وحید شاہ اور پریس قونصلر ارشد منیر اور دیگر قونصلیٹ عملے نے مسافروں کو روانہ کیا۔ سعودی عرب سے قومی ایئر لائن کی خصوصی پروازوں کے ذریعے پاکستانیوں بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

عوام مفاد پرست حکمرانوں اور سیاستدانوں کو یکسر مسترد کر دیں، ضیاء لانگو

غربت، بیروزگاری، پسماندگی اور نظام کی تباہی کے ذمہ دار سیاستدانوں کا گٹھ جوڑ جتنی بھی کوشش کر لے اپنے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہوگا

تعجب کی بات ہے کہ کئی بار حکومت بنانے والے اور حکومتوں کا حصہ رہنے والے مسترد شدہ سیاستدان بھی آج پاکستان کے نام پر اپنی بقا کی جنگ لڑ رہے ہیں

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ غربت، بیروزگاری، پسماندگی اور نظام کی تباہی کے ذمہ دار سیاستدانوں کا گٹھ جوڑ جتنی بھی کوشش کر لے اپنے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہوگا کیونکہ باشعور عوام اُن کے دھوکے میں آنے والے نہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے دفتر میں ایک بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ کئی دہائیوں سے باریاں لینے والے اور باہمی مفاہمت سے ملک و قوم کو لوٹنے والے نام نہاد سیاستدانوں سے تنگ عوام نے ہم پر اعتماد کیا ہے جو دن رات اندرونی اور بیرونی محاذ پر پاکستان کی بقا و خوشحالی کی جنگ لڑ رہا ہے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ تعجب کی بات ہے کہ کئی بار حکومت بنانے والے اور حکومتوں کا حصہ رہنے والے مسترد شدہ سیاستدان بھی آج پاکستان کے نام پر اپنی بقا کی جنگ لڑ رہے ہیں تاہم انہیں معلوم ہونا چاہیے کہ اب عوام باشعور ہیں اور کسی دھوکے میں نہیں آئیں گے۔ عوام نے مفاد پرست حکمرانوں اور سیاستدانوں کو یکسر مسترد کر دیا ہے اور صوبائی حکومت کی بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

طارق فضل چوہدری بھی کورونا کا شکار ہو گئے، خود کو گھر میں قرنطینہ کر لیا

اسلام آباد (آن لائن) مسلم لیگ (ن) کے رہنما طارق فضل چوہدری بھی کورونا کا شکار ہو گئے۔ ٹیسٹ مثبت آنے پر خود کو 14 روز کے لئے گھر میں قرنطینہ کر لیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق مسلم لیگ (ن) کے رہنما اور رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر طارق فضل چوہدری بھی کورونا کا شکار ہو گئے ہیں۔ ان کا کورونا وائرس کا ٹیسٹ بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

عوام اپنی طاقت سے حکومت کو گھر بھیجنے کی سکت رکھتی ہے، علی مدد جتک

موجودہ سلیکٹڈ اور کٹھ پتلی حکومت عوام کا مینڈیٹ کھو چکی ہے، صدر پی پی بلوچستان

اخلاقی طور پر مستعفی ہو کر الیکشن کا اعلان کر دیں ورنہ عوام کا صبر کا پیمانہ لبریز ہو جائے گا

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صدر میر علی مدد جتک نے کہا ہے کہ موجودہ سلیکٹڈ اور کٹھ پتلی حکومت عوام کا مینڈیٹ کھو چکی ہے اخلاقی طور پر مستعفی ہو کر الیکشن کا اعلان کر دیں ورنہ عوام کا صبر کا پیمانہ لبریز ہو جائے گا اور عوام اپنی طاقت سے حکومت کو گھر بھیجنے کی سکت رکھتی ہے پیپلز پارٹی روز اول سے عمران نیازی کی حکومت کو سلیکٹڈ حکومت قرار دیا اور موجودہ حکومت عوامی حکومت نہیں بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں ایس او پیز سے مشروط پبلک ٹرانسپورٹ کا آغاز ہو گیا

لیکن ایس او پیز اختیار کرنے سے متعلق شعور و آگاہی میں کمی کے باعث احتیاطی تدابیر سے متعلق عملدرآمد کا فقدان ہے،

بغیر ماسک کے کسی کو بھی سفر کرنے کی اجازت نہیں ہوگی، بسوں کی راہداری میں کسی کو بیٹھنے کی اجازت نہیں ہوگی، ٹیکسی کار میں صرف تین مسافر سفر کر سکیں گے

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت بلوچستان میں 18 کلاتی ایس او پیز سے مشروط بین الصوبائی اور بین الاضلاعی پبلک ٹرانسپورٹ کا آغاز ہو گیا ہے لیکن ایس او پیز اختیار کرنے سے متعلق شعور و آگاہی میں کمی کے باعث احتیاطی تدابیر سے متعلق عملدرآمد کا فقدان ہے، تفصیلات کے مطابق حکومت بلوچستان کی جانب سے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت صوبے میں 18 کلاتی ایس او پیز سے مشروط بین الصوبائی اور بین الاضلاعی پبلک ٹرانسپورٹ کا آغاز ہو گیا کوئٹہ سے مختلف اضلاع کیلئے بسوں، ویگنوں اور ٹیکسی کے ذریعے ٹرانسپورٹ شروع ہو گئی جس سے ٹرانسپورٹروں نے سکھ کا سانس لیا لیکن بدقسمتی سے لوگوں میں عالمگیر وبا کورونا وائرس کے صورتحال کے پیش نظر ایس او پیز و احتیاطی تدابیر سے متعلق شعور و آگاہی کی کمی ہے حالانکہ حکومتی نوٹیفکیشن میں واضح بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

حکومت ملک میں کاروبار کے فروغ، روزگار اور اقتصادی ترقی کے لئے اقدامات کر رہی ہے، حفیظ شیخ

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم کے مشیر برائے خزانہ و ریونیو ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ نے کہا ہے کہ حکومت ملک میں کاروبار کے فروغ، روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور اقتصادی ترقی کے لئے اقدامات کر رہی ہے، آئندہ بجٹ میں بزنس کمیونٹی کی تجاویز کو زیر غور لایا جا رہا ہے۔ تفصیلات بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

شاہ محمود قریشی کی زیر صدارت اتحادی جماعتوں کے پارلیمانی رہنماؤں کا اجلاس، شوگر سکینڈل میں ملوث افراد کیخلاف کارروائی کے حکومتی اقدام کو سراہا

اسلام آباد (آن لائن) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی کی زیر صدارت تحریک انصاف اور اس کی اتحادی جماعتوں کے پارلیمانی رہنماؤں کا اجلاس پیر کو پارلیمنٹ ہاؤس میں ہوا جس میں مشیر تجارت رزاق داؤد، مشیر خزانہ حفیظ شیخ اور حکومت و دیگر اتحادی جماعتوں کے اہم رہنماؤں نے شرکت کی۔ مشیر خزانہ نے کورونا عالمی وبائی صورتحال سے متعلق بھی بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو سے اپنی سیکرٹری محکمہ تعلیم ظہیک بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

مراد علی شاہ جب تک ہیں عوام کا پیسہ لوٹتے رہیں گے، مراد سعید

اپوزیشن نے مذاق اڑایا، حکومت نے مضبوط ترین شوگر مافیا پر ہاتھ ڈالا ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر مواصلات مراد سعید نے کہا ہے کہ آصف زرداری کا علاج سندھ کے کسی ہسپتال میں نہیں ہو سکتا، مراد علی شاہ جب تک ہیں عوام کا پیسہ لوٹتے رہیں گے۔ مراد سعید نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ چینی مہنگی ہونے پر وزیراعظم نے انکوائری کا فیصلہ بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

بلوچستان کا شاید ہی کوئی ایسا ضلع ہو جہاں بچے یتیم نہ کئے گئے

سردار اختر مینگل

معصوم پکی برمش اور اس کی والدہ کا کیا قصور تھا صرف گرفتاری سے انصاف نہیں ملے گا اس طرح کے واقعات اور بھی بہت سے ہوئے ہیں، قائد بی این پی

بلوچستان میں اجتماعی قبریں دریافت ہوئی ہیں انہی دہشتگردوں کی جانب سے شہید کئے گئے، حکمران بتائیں کہ کب تک بلوچستان کے معصوم لوگوں کے ساتھ یہ کھیل کھیلا جائے گا

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ اور رکن قومی اسمبلی سردار اختر جان مینگل نے کہا ہے کہ معصوم پکی برمش اور اس کی والدہ کا کیا قصور تھا صرف گرفتاری سے انصاف نہیں ملے گا اس طرح کے واقعات اور بھی بہت سے ہوئے ہیں بدقسمتی سے بلوچستان کا شاید ہی کوئی ایسا ضلع بچا ہو جہاں بچے یتیم نہ کئے گئے ہیں بلوچستان میں اجتماعی قبریں دریافت ہوئی ہیں انہی دہشتگردوں کی جانب سے شہید کئے گئے، حکمران بتائیں کہ کب تک بلوچستان کے معصوم لوگوں کے ساتھ یہ کھیل کھیلا جائے گا ان کو سلح کر کے نوجوانوں کی قتل عام کی جاری ہیں کیا میں انہیں رابا موساد کا ایجنٹ کہوں جن کو قتل کرنے کا لائسنس دیا گیا ہے اغواء برائے تاوان، بشیات کی اسمگلنگ، کاروبار کرنے والوں سے بھتہ کیلئے باقاعدہ کارڈ دیا گیا ہے اپنی ایجنسی صاحب آپ بھی اسی علاقے کے ہیں اگر اس علاقے سے گزریں تو ہمیں اور آپ کو شناخت دینا پڑتی ہے بلکہ آئی ڈی بھی دکھانا پڑتا ہے حکمران لوگوں کو کچھ دکھانے کی ضرورت ہے جن کو اسٹیٹ بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

قومی اسمبلی کا اجلاس، اپوزیشن حکومت پر برس پڑی

اجلاس کے دوران ملک بھر میں پٹرولیم مصنوعات کی قلت کا معاملہ بھی زیر بحث آیا

سعودی عرب و دیگر ممالک میں ہزاروں پاکستانی قونصل خانوں کے باہر بیٹھے ہیں، پرویز اشرف

اسلام آباد (آن لائن) قومی اسمبلی کے اجلاس میں اپوزیشن کی جانب سے کورونا وائرس اور ٹڈی دل کے حملوں پر حکومت پر برس پڑی، کورونا وائرس کے بعد بیرون ممالک پھنسے پاکستانیوں کو واپس نہ لانے اور ٹڈی دل کے حملوں کی روک تھام کیلئے اقدامات نہ اٹھانے پر حکومت کو آڑے ہاتھوں لے لیا۔ پیر کو قومی اسمبلی کے اجلاس کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے رکن قومی اسمبلی و بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ اختر مینگل نے کہا کہ جو فضائی آپریشن آپ نے شروع کیا اس میں بلوچستان کے لیے بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

پاکستان میں کورونا کیسز کی تعداد 3 لاکھ ہزار سے تجاوز کر گئی

اس وبا سے 2067 افراد جان کی بازی ہار گئے، 24 گھنٹوں کے دوران 4728 نئے کیسز رپورٹ ہوئے، نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سنٹر

سندھ میں 650، خیبر پختونخوا میں 575، اسلام آباد میں 52، گلگت بلتستان میں 13، بلوچستان میں 54 اور آزاد کشمیر میں 8 افراد کورونا وائرس سے جاں بحق ہو چکے ہیں

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان میں کورونا وائرس سے متاثر ہونے والے افراد کی تعداد 1 لاکھ 3 ہزار 671 افراد میں وائرس کی تشخیص ہو چکی ہے جبکہ اس وبا سے 2 ہزار 67 افراد جان کی بازی ہار گئے ہیں۔ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سنٹر کی جانب سے جاری کیے گئے اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 4 ہزار 728 نئے کیسز رپورٹ ہوئے جبکہ مزید 65 افراد جاں بحق ہوئے ہیں۔ ملک بھر میں کورونا سے متاثرہ 34 ہزار 355 مریض صحتیاب ہو گئے۔ صوبہ پنجاب میں کورونا کے سب سے زیادہ مریض ہیں جہاں اب تک 38 ہزار 903 کیسز رپورٹ ہو چکے ہیں۔ سندھ میں 38 ہزار 108، خیبر پختونخوا میں 13 ہزار 487، بلوچستان میں 6 ہزار 516، اسلام آباد میں 5 ہزار 329، آزاد کشمیر میں 396 اور گلگت بلتستان میں 932 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔ کورونا وائرس کے بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

جیالے متحد رہیں کسی سازش کا حصہ نہ بنیں، سینیٹر رحمان ملک

پارٹی اور اپنے پارٹی کے جیالوں کا شکر گزار ہوں جنہوں نے ہر مشکل میں میرا ساتھ دیا

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما سینیٹر رحمان ملک نے کہا ہے کہ جیالے متحد رہیں، کسی سازش کا حصہ نہ بنیں میں اپنی پارٹی اور اپنے پارٹی کے جیالوں کا بہت شکر گزار ہوں جنہوں نے ہر مشکل میں میرا ساتھ دیا، پارٹی کارکنان سے اپیل کروں گا کہ کسی کے دھوکے اور سازش میں بالکل نہ آئے، پاک فوج ہماری آرمی ہے جو ہماری حفاظت کرتی ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے پارلیمنٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ پاکستان آرمی ہماری محافظ ہے۔

لاہور: وفاقی وزیر تعلیم شفقت محمود علماء المدارس سے ملاقات کر رہے ہیں

عالمی برادری مقبوضہ کشمیر کے ابتر حالات کا فوری نوٹس لے، علی امین گنڈاپور

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان علی امین خان گنڈاپور نے مقبوضہ کشمیر میں جاری بھارتی بربریت کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ عالمی برادری مقبوضہ کشمیر کے ابتر حالات کا فوری نوٹس لے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ بھارت نے مقبوضہ وادی بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

چمن بارڈر کی بندش سے ہزاروں لوگ بے روزگار ہو گئے ہیں، جمال شاہ کاکڑ

حکومت ایس او پیز اور احتیاطی تدابیر کو اپناتے ہوئے چمن بارڈر کھولنے کی اجازت دے،

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی جنرل سیکرٹری و سابق اسپیکر جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ چمن بارڈر کی بندش سے ہزاروں لوگ بے روزگار ہو گئے ہیں بارڈر بند رہنے کی وجہ سے ہزاروں خ

www.dailyshal.pk

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

09 جون 2020ء

عوام کے تعاون کے بغیر ہم کورونا کا مقابلہ نہیں کر سکتے

حکومت بلوچستان کے ترجمان لیاقت شاہوانی نے کہا ہے کہ عوام کے تعاون کے بغیر کورونا جیسی عالمگیر وباء کا مقابلہ مشکل ہے اگر عوام ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد کریں گے تو نہ صرف خود محفوظ ہونگے بلکہ دوسروں کو بھی محفوظ رکھ سکیں گے، صوبے میں ایک نوٹیفکیشن کے ذریعے ٹرانسپورٹ کھولا گیا ہے اگر ایس او پیز پر عملدرآمد کا فقدان رہا تو ایک ہی نوٹیفکیشن سے دوبارہ پابندی عائد کی جاسکتی ہے، احتیاطی تدابیر اختیار نہ کرنے کی صورت میں ڈرائیور اور مسافر دونوں کو جرمانہ کیا جائے گا۔ کورنا وائرس کے حوالے سے میڈیا بھی فرنٹ لائن پر کام کر رہے ہیں، حکومت بلوچستان کی جانب سے سمارٹ لاک ڈاؤن کے دوسرے مرحلے میں بہت سے سیکٹر کو ریلکس کیا گیا ہمیں خدشہ تھا کہ جب تاجروں نے پہلے مرحلے میں حکومتی ایس او پیز پر عملدرآمد نہ کیا تو یہ امکان ظاہر کیا جارہا تھا کہ پبلک ٹرانسپورٹ دوسرے علاقوں کو بھی کورونا وائرس سے متاثر کرسکتی ہے، ہمیں امید ہے کہ ٹرانسپورٹر ایس او پیز پر عملدرآمد کریں گے لیکن اگر ایس او پیز پر عملدرآمد نہ کیا گیا تو گاڑیوں کا چالان کردیا جائے گا۔ لاک ڈاؤن ختم اور دکانیں کھولنے کے حوالے سے تاجروں نے بھی یقین دہانیاں کرائی تھی لیکن پہلے مرحلے میں اس پر عملدرآمد نہیں ہوسکا تھا ہمیں خدشہ تھا کہ ٹرانسپورٹ کا شعبہ کھولنے سے ایسے علاقے جہاں کورونا نہیں ہو وہاں بھی پہنچ جائے گا۔ اگر ٹرانسپورٹروں کی جانب سے ایس او پیز پر عملدرآمد نہ کیا گیا تو ہم دوبارہ ٹرانسپورٹ کا پہیہ جام کرسکتے ہیں، ایس او پیز کے مطابق روانگی سے قبل اور منزل پر پہنچنے پر بسوں، وین کے اندرونی حصے میں ڈس انفیکشن اسپرے لازم ہوگا، بسوں اور وین میں ہاتھ سینیٹائز کرنے کی سہولت فراہم کرنا لازم ہوگا، مسافر ایک سیٹ چھوڑ کر بیٹھ سکیں۔ بلوچستان میں کورونا وائرس تیزی سے پھیل رہا ہے بلوچستان میں 6516 کیسز سامنے آچکے ہیں، اس وقت صوبے کی آبادی کا 31 فیصد حصہ متاثر ہے، یہ ہماری خوش قسمتی ہے کہ کورونا وائرس کے مریض بھی جلدی ریکور ہورہے ہیں، اس وقت صوبے میں 98 فیصد کورونا وائرس کے متاثرہ مریض گھروں میں آئسولیٹ ہے، حکومت ان لوگوں کو سہولیات کی فراہمی کیلئے اقدامات کررہی ہے بلکہ ہسپتالوں میں زیرے علاج 150 مریضوں میں سے 50 کی حالت تشویشناک ہے، ہمیں احتیاط اور حکومتی ایس او پیز سختی سے اختیار کرنے کی ضرورت ہے، انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے ہر اضلاع میں لیبارٹریز قائم کریں گے عوام کے تعاون کے بغیر ہم کورونا کا مقابلہ نہیں کرسکتے اس کے علاوہ مستقبل میں کرفیو کی صورت میں لوگوں کو گھروں میں محصور کرنا مشکل عمل ہے۔

کرونا ہائی الرٹ

پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی

رات کا آخری پہر سٹارٹ ہوگیا تھا دو بجے کے بعد ہم لاہور کے پانچویں بڑے پرائیوٹ ہسپتال میں داخل ہوئے تو داخل ہوتے ہی سیکورٹی گارڈوں کو جب پتہ چلا گاڑی میں کھانسی بخار کا مریض ہے انہوں نے پہلے سے انتظامیہ کی طرف سے دیئے گئے آرڈر پر نوکا اشارہ کیا کہ ہسپتال بھر چکا ہے یہاں پر کھانسی بخار کے مریضوں کا داخلہ بند ہے گاڑی کی پچھلی سیٹ پر مریضہ کی حالت بہت خراب تھی وہ پچھلے دس دن سے بخار کھانسی اور سینے کے درد، پھیپھڑوں کی شدید انفیکشن کا شکار تھی ایکسرے رپورٹ کے مطابق مریضہ کے تقریباً سارے پھیپھڑے گل چکے تھے جو بھی ایکسرے دیکھتا ایک ہی بات کرتا آپ کے پاس وقت بہت تھوڑا ہے فوری طور پر وینٹی لیٹر پر شفٹ کریں مریضہ مسلسل جاگ رہی تھی جیسے ہی سونے کی کوشش کرتی کھانسی آتی اٹھ کر بیٹھ جاتی ساتھ ہی پسلیوں میں شدید درد کی لہریں اٹھنا شروع ہوجاتی اور پھر مریضہ منہ کھول کر زیادہ سے زیادہ آکسیجن اپنے پھیپھڑے میں پہنچانے کی کوشش کرتی لیکن شدید انفیکشن کی وجہ سے پھیپھڑے آکسیجن کی آمدورفت کی ڈیوٹی احسن طریقے سے ادا کرنے سے قاصر تھے چہرے پر رنگ کبھی سیاہی کبھی پیلا آنے لگتا اور وہ بار بار لڑکھڑاتی آواز میں اپنے میاں کو آواز دیتی خدا کے لیے مجھے بچالو مجھے سانس نہیں آرہی سانس آنے سے ہی تو جسم کے باقی نظام دل رگوں میں خون گردش کرتا ہے دماغ کو آکسیجن لگاتار پہنچنے سے ہی وہ پورے جسم کے توازن کو قائم رکھتا ہے۔

آکسیجن کی کمی مریضہ کو چاروں طرف موت کے فرشتے نظر آنا شروع ہوجاتے وہ بیچاری مرض الموت میں سسکیاں لیتے ہوئے میاں کی طرف مدد طلب نظروں سے دیکھتی' میاں بیچارہ بار بار مجھے دیکھتا بھلی صاحب اگر کسی ہسپتال میں داخلہ نہ ملا تو یہ مرجائے گی میرا گھر اجڑ جائے گا میرے چھوٹے چھوٹے بچے ہیں اسی کے دم سے میرا گھر چل رہا ہے یہ نہ رہی تو میں بھی نہیں رہوں گا' حالت بیچارگی میں دونوں میاں بیوی رونا شروع کردیتے مریضہ کی حالت زار بیماری سانس کا اکھڑنا دیکھ کر میں دوستوں کو فون کرنا شروع کردیتا رات کے دو بجے کے بعد تقریباً سارے لوگ ہی سو جاتے ہیں اب اس ہسپتال میں آئے تو انہوں نے بھی صاف انکار کردیا کہ کھانسی بخار داخلہ بند ہم لوگ روڈ پر بھی کھڑے ہوکر دائیں بائیں فون گھمانے لگے مریضہ کی حالت ہر گزرتے لمحے کے ساتھ بگڑتی جارہی تھی۔

دس بارہ دن پہلے مریضہ بلکل نارمل تھی دو ماہ سے میاں بیوی بچوں کے ساتھ تو گھر میں قید تھے میاں نے سختی سے رشتہ داروں بہن بھائیوں دوستوں کو فون کردیا تھا کہ پوری دنیا کی طرح پاکستان بھی ان دنوں کرونا کی شدید لپیٹ میں ہے لہذا کوئی بھی میرے گھر آنے کی زحمت نہ کرے اور پھر اس پر سختی سے پابندی بھی کی' پابندی اس لیول کی کہ گھر کے دروازے تک بھی ماسک پہن کر آتے انتہائی مجبوری میں میاں گھر سے نکلتا تو سختی نافذ ہوکر ماسک پہن کر گھر کا سودا سلف لے کر واپس آجاتا' کرونا کے ایس او پی پر انتہائی سختی کے ساتھ عمل کر رہا تھا اہل محلہ اور رشتہ داروں کو بھی تلقین کرتا کہ کرونا ایک خطرناک وبائی بیماری ہے اس سے بچاؤ کی ساری تدابیر اختیار کریں لیکن عید سے پہلے گریٹ پاکستانی گورنمنٹ نے جب لاک ڈاؤن ختم کیا تو ہم صرف ایک بار بازار چند ضروری چیزیں ماسک پہن کر گئی ماسک پہنا ہوا تھا اب وہاں کسی دوکان پر کسی متاثرہ جگہ یا چیز کو ہاتھ لگا دو یا ہاتھ غیر ارادی طور پر ناک منہ یا کان کو لگا بیٹھی جبکہ وہ مکمل مطمئن تھی کہ میں وہ ماہ سے گھر سے نہیں نکلی دروازے تک بھی ماسک پہن کر جاتی ہوں بازار بھی ماسک پہن کر آئی ہوں تو میں سو فیصد محفوظ ہوں لیکن کرونا وبا کے پھیلاؤ اور انداز کریکٹر کی جانچ پڑتال کے مراحل ابھی جاری ہیں۔

ابھی تک دنیا اُس کے مزاج اور پھیلاؤ کے طریقوں سے پوری طرح واقف نہیں ہے اسی لیے پتہ نہیں کہاں کیسے جراثیم اُس کے ہاتھوں جسم پر آئے اور پھر موقع ملتے ہی اُس کے پھیپھڑوں تک پہنچ کر بربادی کا آغاز کردیا فوری بخار ہوا تو فیملی اس زعم میں کہ ہم تو سختی سے احتیاط اور کورنٹائن ہیں گھر میں ہمارے آس پاس تو کرونا پھٹک بھی نہیں سکتا بخار نے جب شدت اختیار کی کھانسی گلے کا درد بھی شروع ہوا تو مقامی ڈاکٹر سے رجوع کیا اُس نے جب ہسٹری لی کہ مکمل گھر پر محتاط زندگی گزاری جا رہی ہے اُس نے عام فلو کام کی دوائی دے دی' پانچ دن مسلسل ڈاکٹر کی دوائی سے جب بلکل بھی فرق نہ پڑا بیماری ہر گزرتے دن کے ساتھ شدت اختیار کرتی جارہی تھی تو مجبوراً قریبی چھوٹے ہسپتال میں مریضہ کو دکھایا گیا کہ مریضہ کو کھانسی سینے کی انفیکشن بخار بہت ہے اُس نے جب ہسٹری لی تو اُس نے بھی روٹین کی دوا یہاں شروع کردی ساتھ ہی مریضہ کو داخل کرلیا تاکہ اُس کی لوٹ مار کا میٹر آن ہوسکے پانچ دن مریضہ یہاں رہی بیوی انٹی بائیوٹک انجکشن ڈرپس دوائیاں دی جارہی تھی لیکن مریضہ کی طبیعت سنبھلنے کی بجائے خراب ہوتی جارہی تھی آخر دس دن بعد میاں نے جب کرونا ٹیسٹ کروایا تو مثبت آیا تو ہسپتال اور میاں کے ہاتھ پاؤں پھول گئے یہاں پر درندگی کا ایک اور مظاہرہ سامنے آتا ہے۔

ہسپتال والے تو اپنی کمائی پر لگے ہوئے تھے جب انہوں نے دیکھا مریضہ کے سارے پھیپھڑے گل سڑ گئے ہیں اور یہ بیماری کی آخری سٹیج ہے ساتھ ہی کرونا کا خوف بھی تو انتہائی ظالمانہ طریقہ اپناتے ہوئے کہا ہم ہسپتال کو جراثیم سے پاک کرنا ہے ہم سارا ہسپتال خالی کررہے ہیں یہ لیں ڈسچارج سلپ اور مریضہ کو گھر لے جائیں یا کسی اور ہسپتال ہم مریضہ کو مزید ہسپتال میں نہیں رکھ سکتے تو مریضہ کے میاں کا مجھے فون آیا اور بتایا میں اپنی زندگی کی ساری کمائی لگانے کو تیار ہوں خدا کے لیے کسی پرائیویٹ ہسپتال میں ایک بیڈ دلادیں چاہیں وہ گلی میں ہی کیوں نہ ہو میں نے آسان کام سمجھ کر دو چار دوستوں کو فون کیا تو ہوشربا خبریں آئیں کہ لاہور کے سارے پرائیویٹ ہسپتال بھر چکے ہیں اب مزید ایک بھی مریض کی گنجائش نہیں ہے شام سات بجے ہسپتال والوں نے مریضہ کو ڈسچارج سلپ تھما دی کہ آپ ہماری طرف سے آزاد ہیں سفارش کرا کر قریبی ہسپتال گئے انہوں نے جب ایکسرے دیکھے تو بولے ہم نے سارے ہسپتال کو کرونا کرانا ہے بلکل نہیں آپ کسی اور ہسپتال جائیں اُس کے بعد ہماری میراتھن ریس کا آغاز ہوا سڑکوں پر دوڑتے پھر رہے ہیں ایک سے دوسرے ہسپتال کے تیمار کن بات یہ سامنے آئی کہ جس ہسپتال میں بھی جاتے وہ مریضہ کو دیکھ کر ہمارے چہروں پر ماسک دیکھ کر حکم جاری فرماتے یہاں داخلہ بند ہے ہسپتال بھر چکا ہے۔

ہم تو ایک ہسپتال سے دوسرے ہسپتال سڑکوں پر بھاگ رہے تھے چند دوست ہمارے فون پر مختلف ڈاکٹروں ہسپتالوں سے رابطے میں تھے کہ اب ہم اس بات پر تیار تھے لاہور کے مضافات میں کوئی چھوٹے سے چھوٹا ہسپتال ہمیں اندر گھسنے دے تاکہ مریضہ کی حالت سدھر سکے جس سے بات کرتے کرونا کا نام سنتے ہی دروازہ بند کچھ جگہوں ہم نے چالاکی کی کوشش کی کہ پتہ نہیں آپ ایمرجنسی میں تو جانے دیں تو انہوں نے مریضہ کو دیکھ کر کہا اُس کی سانس اکھڑی ہوئی ہے بخار ہے کھانسی سانس نہیں آرہا اس کو کرونا ہے آپ چلے جائیں پرائیویٹ ہسپتال جو مریضوں کو ڈھونڈتے ہیں وہ دھکے دے رہے تھے آخر کار ہم اس پانچویں ہسپتال بہت بڑی سفارش کرا کر آئے ساتھ میں رشوت بھی دی تو بڑی منتوں سے احسان عظیم کے بعد مریضہ کو آئسولیشن وارڈ میں داخل کرایا جب مریضہ کو کرونا سے بچاؤ کی دوائیوں میں ملبوس ہسپتال کا عملہ اندر وارڈ لے کر جارہا تھا تو ہم سمجھ رہے تھے ہم نے اولمپک کا طلائی تمغہ جیت لیا ہے۔

مریضہ کو صحت ملتی ہے کہ نہیں یہ تو اللہ جانتا ہے ہسپتال میں داخلے سے ہم بہت خوش تھے جس نے داخلہ کرایا وہ اس طرح احسان جتا رہا تھا جیسے کوئی پلازہ ہمارے نام لگا دیا ہو جو لوگ پاکستان میں اس وقت بھی کرونا کو مذاق سمجھ رہے ہیں خدا کے لیے آنکھیں کھولو یہ وبا اور بلا واقعی جان لیوا ہے اب تو روزانہ مجھے بھی دوستوں عزیزوں کے فون آنا شروع ہوگئے ہیں کہ فلاں کو کرونا ہوگیا فلاں انتقال کرگیا خدا کے لیے معصوم قوم اب جاگ جاؤ کیونکہ گورنمنٹ پتہ نہیں کس ایجنڈے پر کام کرکے ہر چیز کھول رہی ہے لاک ڈاؤن ختم کردیا ہے اور بائیس کروڑ عوام کو جانوروں کے کھلے ریوڑوں کی طرح چھوڑ دیا گیا ہے کہ دو چار لاکھ مر بھی جائیں تو اتنی بڑی آبادی سے کچھ فرق نہیں پڑے گا گورنمنٹ ذہنی طور پر بہت سارے لوگوں کے مرنے کے لیے تیار ہے ہسپتال بھر چکے ہیں یہ نہ ہو کہ عوام سڑکوں پر گلی محلوں گھر میں کھلے آسمان کے نیچے مدد مدد پکارتی موت کی وادی میں اُترنا شروع ہوجائے خود کو اپنے پیاروں کو خاندان والوں کو کرونا کے مرض سے بچائیں ہسپتال بھر چکے ہیں گورنمنٹ ہاتھ اٹھا چکی ہے کسی نے آپ کو وارث نہیں بننا آپ بے یارومددگار مرجائیں گے جاگ جائیں کرونا شدت سے پھیل چکا ہے اور انسانوں کو نگلنا شروع کردیا ہے۔

کچھ تحریریں سوشل میڈیا پر قومی سوچ بڑھانے کا باعث بنتی ہیں

شاہ بانو میر

کچھ تحریریں سوشل میڈیا پر قومی سوچ بڑھانے اور سوئے ہوئے سومن کو جگانے کا باعث بنتی ہیں بالکل ویسے جیسے

ارتغرل
ایسا ڈرامہ جس نے ماضی کو زندہ کیا ہمارے سامنے
ہمارے فاتح آگئے
اللہ اکبر
ہر سین ہر جملہ اسلام کے احیا کا باعث ہے
اسی طرح مندرجہ ذیل تحریر باشعور تحریر ذہن کو کچھ سکھا گئی
اس لیے سوچا
آپ سب بھی اس صدقہ جاریہ میں شامل ہوں
مرغی کا بچہ اس قوم کو ہی نہیں پوری امت کو بتا گیا
وقت پرواز
اب قریب ہے
ماضی میں معتصم باللہ کو ہلاکو خان نے ہیرے موتی
کھانے میں پیش کیا
گھوڑوں کی سموں سے روند ڈالا
اب ایسا نہیں ہوگا
جگایا جارہا ہے
شعور اور آپکی اہمیت قابلیت کیا ہے
خواتین اساتذہ کرام زندگی وقف کیے
دن رات سوئی ہوئی ماں کو جگانے کی انتھک کوشش کر رہی ہیں
یہ ماں جاگے گی تو
امت پھر سے مضبوط بنیادوں پر
شاہین بچے اڑنا سیکھیں گے
بتادیں گے مخالفوں کے
اتار پھینکیں گے
مفاہمت کا چوغہ
بلندی اور بلندی پر دین کے پیغام (جاری ہے)

قیمتی متاع (آخری قسط)

طارق حسین بٹ شان

پر شاپنگ کے دوران دیکھنے میں آئی۔ ہمارے قانون نافذ کرنے والے ادارے بھی خاموش تماشائی بنے ہوئے تھے اور کسی سے کوئی تعرض نہیں کر رہے تھے۔ اس کی ایک وجہ تو یہ ہوسکتی ہے کہ ہمارے حکمران خود لاک ڈاؤن کا مذاق اڑتے پائے جاتے ہیں۔ ہمارے وزیر اعظم کے کان میں جس کسی نے بھی یہ فسوں پھیکا ہے کہ کورونا سے نہیں بلکہ بھوک سے مرنے کا اندیشہ ہے تو عمران خان نے اس سوچ کو اپنا نعرہ بنا لیا۔ وہ لاک ڈاؤن لگانے کی بجائے لاک ڈاؤن کھولنے کے حامی ہیں جس کا خمیازہ اب ہم نے بھگتنا شروع کردیا ہے۔

ہمارے ہاں پچھلے کچھ دنوں سے کورونا مریضوں کی تعداد میں حیرت انگیز اضافہ دیکھنے کو مل رہا جبکہ باقی دنیا میں مریضوں کی تعداد کم ہورہی ہے۔ جس کی بڑی وجہ ہمارے حکمرانوں کی ناقص پالیسیاں ہیں۔ ایک کمیشن اس پر بھی تو بیٹھنا چاہیئے کہ عوامی زندگیوں کو موت کی وادی میں کون جان بوجھ کر دھکیل رہا ہے۔؟ شوگر مافیا اور بجلی مافیا تو پاکستان خزانہ سے کھیلتے ہیں لیکن وہ لوگ جو انسانی جانوں کو موت کی آغوش میں دھکیلتے ہیں ان کا احتساب کون کریگا؟ انسان کے پاس اس کی سب سے قیمتی متاع اس کی اپنی جان ہے لیکن مقام افسوس ہے کہ ہمارے حکمرانوں کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے وہ قیمتی متاع کورونا جیسی موذی وباء کے ہاں گروی رکھ دی گئی ہے۔ دانشور، میڈیا، قانون دان اور ڈاکٹرز کہہ کہہ کر تھک گئے ہیں کہ پاکستان ایک سخت لاک ڈاؤن کا متقاضی ہے لیکن حکمران ہیں کہ ایسی کسی بات کو سننے کیلئے تیار نہیں۔ ان کی زبان پر صرف ایک ہی نعرہ ہے کہ عوام کورونا سے نہیں بلکہ بھوک سے مرجائیں گے حالانکہ ہم نے کسی کو بھوک سے مرتے نہیں دیکھا۔ پاکستان کے عوام ایسے سنگدل نہیں ہوئے کہ ان کے سامنے کوئی بھوک سے مرجائے اور وہ ٹس سے مس نہ ہوں۔ ہماری قوم کا ہر فرد ایک ایسا دردمند دل رکھتا ہے جو دوسروں کی تکلیف کے احساس سے تڑپ اٹھتا ہے۔ میرا ذاتی مشاہدہ ہے کہ مخیر حضرات آزمائش کی ان جان لیوا گھڑیوں میں محروم طبقات کی امداد کیلئے ہمہ وقت چوکس رہتے ہیں اور عوامی خدمت سے اپنے رب کو راضی کرکے دلی مرادوں سے اپنی جھولیاں بھرتے ہیں لہذا بھوک سے مرنے کا فلسفہ سطحی اور غیر حقیقی ہے۔۔

دو تمام ممالک جہاں پر کورونا کو سنجیدہ نہیں لیا گیا انھوں نے بہت زک اٹھائی ہے۔ اٹلی، سپین، برطانیہ، برازیل، ترکی اور امریکہ اس کی زندہ شہادتیں ہیں۔ برطانوی وزیر اعظم بورس جانسن کو اپنے غیر سنجیدہ طرز عمل کی وجہ سے کورونا جیسی موذی وباء کا شکار ہونا پڑا۔ یہ تو ان کی خوش قسمتی تھی کہ وہ موت کے منہ میں جاتے جاتے بچ گئے۔ ریاست نے تو ان کا متبادل بھی تیار کرلیا تھا۔ ان کی موت کا اعلان ہونے ہی والا تھا کہ کورونا نے ان پر اپنے موذی پنجے قدرے نرم کئے اور وہ یوں زندگی جیسی نعمت سے دوبارہ سرفراز ہوگئے۔ اس کے بعد برطانیہ میں سخت لاک داؤن ہوا اور پھر اموات کی تعداد کم ہونا شروع ہوگئی۔ اب وہاں پر لاک ڈاؤن میں نرمی کی جارہی ہے کیونکہ حکومت نے حفاظتی تدابیر سے کورونا کو بے اثر کر رکھا ہے۔ امریکہ میں بھی ایک غیر سنجیدہ انسان کرسی صدارت پر جلوہ افروز ہے جس کی ناقص پالیسیوں کی وجہ سے امریکی عوام کو جانوں کے لالے پڑے ہوئے ہیں۔

ڈونلڈ ٹرمپ کھلے عام کورونا کا مذاق اڑاتے تھے اور پھر اس وباء نے جو حشر امریکہ کا کیا وہ بیان سے باہر ہے۔ امریکہ کی جتنی سبکی کورونا وباء سے ہوئی کسی دوسری شہ سے نہیں ہوئی۔ کورونا وباء نے چین جیسے ملک کی اہمیت کو جس طرح دوچند کردیا ہے اس سے یہ اندیشہ سچ ثابت ہورہا ہے کہ چین اس دنیا کی سپر پاور بننے جارہا ہے۔ چینی شہر ووہان سے کورونا کے ظہور سے دنیا جس طرح انجانے ہیجان میں مبتلا ہوچکی ہے اس سے اس کے چاروں جانب خوف کا غلبہ ہے لیکن ایسے ابتر حالات میں چینی قیادت کی بالغ نظری نے جس طرح اپنی دھاک بٹھائی وہ قابل تحسین ہے۔ کورونا کا حل ہی سخت لاک ڈاؤن تھا اور یہی چینی قیادت نے کیا۔ چینی قیادت کے بروقت فیصلوں سے دنیا نے سکھ کا سانس لیا۔ دنیا کو ووہان کی صورت میں ایک ایسی مثال نصیب ہوگئی جو باقی ماندہ دنیا کو موت کی آغوش میں جانے سے بچانے کی سکت رکھتی ہے۔ چین کا ہمسایہ ہونے کی جہت سے ہمیں تو سب سے پہلے اپنے دوست کے نقوش پا پر چلنے کی کوشش کرنی چاہیئے تھی تاکہ ہم اس موذی وباء کا شکار ہونے سے بچ جاتے لیکن بدقسمتی سے ہم نے اپنے دوست کے تجربے کے بالکل برعکس عمل کیا۔ دوست تو شفایاب ہوگیا لیکن ہم اس موذی مرض کے وائرس کا شکار ہوتے گئے اور بڑی تیزی سے ایک ایسے اندھے کنویں میں گرنے جارہے ہیں جہاں موت ہمہ وقت محو رقص ہے۔ کیا ہم نے کبھی دوسروں سے کوئی سبق سیکھنے کی کوشش کرنی ہے یا پھر اپنی ہی دھن میں مست رہنا ہماری خصلت ہے؟

دنیا کے تجربات سے مستفید ہونے والے ہی آخر کار کامران ٹھہرتے ہیں لیکن جو اپنی ضد اور ہٹ دھرمی پر ڈٹے رہتے ہیں آخر کار نقصان اٹھاتے ہیں۔ کیا ہر بات میں ہٹ دھرمی اور پھر خود کو عقل کل کا مالک سمجھنا ہماری نفسیاتی کمزوری ہے یا ہم دنیا پر یہ ثابت کرنا چاہتے ہیں کہ ہم آزادانہ فیصلے کرنے کی مکمل صلاحیت رکھتے ہیں؟ خدارا اس قوم پر رحم کیجئے اور اپنی ضد اور ہٹ دھرمی پر اڑے رہنے کی بجائے عقل وشعور سے کام لے کر عوام کو موت کی آغوش میں جانے سے بچایئے کیونکہ قدرت نے فیصلہ کرنے کا اختیار آپ کو تفویض کررکھا ہے۔ بروقت فیصلہ سازی لیڈر کی اصل پہچان ہوتی ہے لیکن بدقسمتی سے ہماری لیڈر شپ اس وصف سے بالکل کوری ہے۔۔

آج افسردگی وتنہائی ہے

اسلم بلوچ

منظور بلوچ سے تعلق ویسے تو آباواجداد سے ہے اور یہ تعلق والدین سے ورثہ میں ملا۔ مساجیگی کے ناطے بچپن کے حسین دن ساتھ گزارے اور 1984 میں جب ایوب جنگ مرحوم بی ایس او کے چیرمین تھے ہم اور منظور ایک ساتھ بی ایس او کے پلیٹ فارم سے سیاسی سفر پر ہوئے زندگی کے اچھے وبرے دنوں دکھ سکھ کے ساتھی رہے۔ بلوچستان میں سیاسی تقسیم در تقسیم کی ریت وروایت بہت پرانی ہے۔ اس طرح 1989 میں سیاسی ہمدردیاں الگ الگ ہوئیں مگر میں نے اور منظور نے کبھی محسوس نہیں کی کہ ہم الگ سیاسی جماعتوں میں ہیں۔ احترام کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ ایک دن بھی ہم دونوں کے مابین سیاسی اختلاف کی بنیاد پہ بحث وتکرار نہیں ہوئی۔ جب ملتے محبت وغمخواری سے ملتے اور زندگی بھر ایک لمحے کے لیئے ہم شکر رنجی بھی نہیں ہوئے۔ منظور کی علالت کا پتہ چلا میں نے ان کے فرزند جہانگیر منظور کو فون کیا کہ منظور کیسے ہیں کیا جہانگیر پر اعتماد تھے اور بتایا اب کافی بہتر ہیں میں نے کوشش کی کہ خود منظور سے میری بات ہو مگر نہ ہوسکی روزانہ دن میں دو تین بار جہانگیر سے حال احوال ہوتی اور ان کی پر اعتماد باتوں سے دل کو تسلی ہوگی۔ کراچی جانے کی ضد بھی کی میں نے مگر جہانگیر نوجوان ہے میری اس بات پہ زیادہ دھیان نہیں دی اس دوران میری طبیعت خراب ہوئی میں کراچی روانہ ہوا راستے میں دو بار جہانگیر کو فون کی مگر اٹینڈ نہیں ہوا۔ کراچی پہنچنے کے بعد فون کی تو فون بند تھا۔ میں خود بستر علالت پہ تھا۔ اچانک بلوچستان سے لیاقت بلوچ کا فون آیا اس نے بتایا چیرمین منظور فوت ہوگئے مجھے ایک دم جھٹکا لگا خبر بہت بڑی بھی بہت بری بھی تھا نیوز گروپ دیکھا آنکھیں نم ہوئیں مستونگ کے صحافی دوستوں کو فون کیا عطاءاللہ نے بتایا ہاں چیرمین منظور مزید ہمارے ساتھ نہیں۔ ایک دم سے افسردگی و تنہائی سی چھا گئی۔ جہانگیر بلوچ کے بعد منظور تھے جو سب کا تھا جہانگیر بلوچ اور منظور بلوچ کی رحلت کے بعد وہ گلشن اجڑ گیا جس کی آبیاری پہ چالیس سال لگے۔ منظور نے افسردہ کیا بوجھل کیا تنہا کیا ایسے لوگ آج کی خود غرض دنیا میں پیدا نہیں ہوتے۔ منظور نے جہانگیر بلوچ اور میر غلام حسن سرپرہ ونور اللہ بلوچ کا غم تازہ کردیا۔ جب تک کوئی دوسرا منظور پیدا ہوگا ہم نہیں ہونگے۔

خضدار کے قبائل کی اراضیات پر حق ملکیت تسلیم کیا جائے، گرینڈ جرگہ

احمد ایم حسنی خضدار

خضدار: خضدار میں قبائل کی اراضیات کے متعلق سیاسی وقبائلی نمایندین کا مشترکہ جرگہ، جرگہ میں مولانا قمر الدین، سردار محمد اسلم بزنجو، سینیٹر مولانا فیض محمد، سردار حیات خان ساجدی، سردار مراد خان شیخ چیئرمین پارٹی، بی این پی (عوامی) جمعیت علماء اسلام، پاکستان مسلم لیگ (ن) جھالاوان عوامی پینل، جماعت اسلامی، پاکستان پیپلز پارٹی، بلوچستان عوامی پارٹی، جمعیت علماء اسلام نظریاتی سمیت مختلف سیاسی جماعتوں کے ضلعی و مرکزی عہدیداروں نے شرکت کی، چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری کا پیغام پڑھ کر سنایا گیا جبکہ ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ نے ٹیلی فون پر جرگہ کے شرکاء سے خطاب کیا آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی کے زیر اہتمام منعقدہ اجلاس کی صدارت چیئرمین مولانا عنایت اللہ رودینی کی زیر صدارت منعقد ہوا اجلاس سے مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جب بلوچستان کا پاکستان سے الحاق ہوا تو اس وقت یہ فیصلہ ہوا ہے کہ قبائل کے اراضیات ان کی ملکیت ہونگے اور تاریخ گواہ ہے کہ قبائلی آج سے نہیں صدیوں سے خضدار کے اراضیات کا مالک ہیں خان آف قلات نے خضدار کے اراضیات کو مختلف اقوام جن میں کرد، گزگی، زنگیجو، بنجیب اور دیگر شامل ہیں انہیں بخشش دی تھی 1982ء کی سلطنت کے دوران سلطنت میں حصہ نہ لینے والے قبائل کی اراضیات کو سرکار قرار دے کر قبائل سے ان کی حق ملکیت چھین لی گئی مقررین کا کہنا تھا کہ 1986 میں میر نصیر مینگل اور آغا عبدالظاہر نے حکومتی کمیٹی کی حیثیت سے جو سفارشات مرتب ہوئے وہ سفارشات یہاں کے قبائل کے ساتھ انصاف کے لئے کافی تھے مگر افسوس بیوروکریسی کی داؤ پیچ کی وجہ سے ان سفارشات پر آج تک عمل درآمد نہیں کیا جاسکا اس پر بھی وہ تمام سفارشات قابل عمل ہے انہی سفارشات کی بنیاد پر یہاں کے قبائل کی اراضیات پر حق ملکیت تسلیم کیا جائے مقررین نے کہا کہ یہ امر باعث افسوس ہے کہ خضدار کے قبائل نے ڈپٹی کمشنر سیکریٹریٹ، کمشنر سیکریٹریٹ، سول کالونی کے لئے اپنی اراضیات عطیہ کیا اب عطیہ کرنے والے قبائل کی اراضیات سے انہیں بے دخل کیا جارہا ہے مقررین نے کہا کہ زیادہ دور جانے کی ضرورت نہیں ماضی قریب میں خضدار کینٹ کے لئے جب اراضی کی ضرورت ہوئی، سنٹرل جیل خضدار، انجینئرنگ یونیورسٹی، خضدار ایئرپورٹ، ایف سی کیمپ کے لئے جب اراضی کی ضرورت ہوئی تو انہی قبائل سے اراضی خریدی گئی جو ریکارڈ پر موجود ہے، اس کے علاوہ قومی شاہراہ جہاں سے گزرتی ہے اس کے لئے بھی معاوضہ قبائل کو ادا کیا گیا اب قبائلی اراضیات کیسے سرکار کے ہوگئے؟ صرف خضدار نہیں بلکہ پورے بلوچستان میں کوئی بھی اراضی سرکاری نہیں تمام اراضیات قبائل کے ہیں اس لئے ہم ضلعی انتظامیہ سے گزارش کرنا چاہتے ہیں کہ وہ سرکار اور عوام کو ایک دوسرے کے مدمقابل کھڑی کرنے کے بجائے حقائق کو تسلیم کرتے ہوئے غیر ضروری قبضہ کرنے کے عمل کو روک کر خضدار کے پر امن فضا کو خراب کرنے کی کوشش نہ کریں اور اگر سرکاری کو کسی بھی منصوبے کے لیئے (جاری ہے)

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)



بجٹ آئی ایم ایف کی ہدایت کی روشنی میں تیار کیا جائے گا۔ حکومت

بلوچستان میں کرونا کی صورتِ حال

(اناللہ وانا علیہ راجعون)۔ بلوچستان میں کرونا کی تازہ ترین صورتِ حال کے مطابق کرونا۔ تیزی سے پھیل رہا ہے

وبائی امراض کے پھیلاؤ کا جائزہ لینے والے ملکی وغیر ملکی ماہرین کی رپورٹس میں خوفناک پیش گوئیاں کی ہیں۔ صوبائی اسٹریٹجک پلاننگ سیل بلوچستان کی جانب سے آکسفورڈ یونیورسٹی کے ماہرین کی ایک رپورٹ میں بتایا گیا ہے بلوچستان میں۔ کرونا۔ تیزی سے پھیل رہا ہے

آپریشن اینڈ کمانڈ سینٹر میں بلوچستان یونیورسٹی کے ماہرین نے وبا کے پھیلاؤ کا۔ جو تخمینہ لگایا ہے وہ بھی تشویش ناک ہے۔ غیر ملکی۔ ماہرین نے سخت لاک ڈاؤن کی صورت میں 6 لاکھ افراد متاثر 5 ہزار اموات کا خدشہ ظاہر کیا ہے اُن کا موقف ہے کہ

جزوی لاک ڈاؤن میں 55 سے 60 لاکھ افراد متاثر 60 ہزار اموات ہوسکتی ہیں

جبکہ لاک ڈاؤن نہ کرنے کی صورت میں 98 لاکھ افراد متاثر اور ایک لاکھ لوگوں کی اموات کا خدشہ ہے' صوبے صورتحال لاک ڈاؤن نہ ہونے اور جزوی لاک ڈاؤن کے درمیان ہے' سربراہ رفیع اللہ کاکڑ صوبائی اسٹ

شال بقیہ 1

سمیت دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی، اجلاس میں ماہرین طب نے تحقیق اور ریسرچ کی روشنی میں کورونا وائرس کے رویے، پھیلاؤ اور اثرات سے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ آئندہ تین ماہ خاص طور پر ستمبر 2020ء وائرس کے پھیلاؤ اور اثرات کے حوالے سے انتہائی حساس ہو سکتے ہیں، بلوچستان میں مقامی سطح پر پھیلنے والے وائرس کا رویہ اور اثرات دیگر صوبوں سے مختلف ہیں، صوبے میں وائرس سے متاثرہ افراد کا تناسب زیادہ ہے تاہم مریضوں کی صورتحال بہتر اور اموات کا تناسب بھی کم ہے جبکہ اب تک کی ریسرچ کے مطابق لوگوں کو کورونا وائرس کے ساتھ رہنا ہوگا تاہم احتیاطی تدابیر کے ساتھ اس کے پھیلاؤ اور اثرات کو کم کیا جا سکتا ہے، سیکریٹری صحت دوشین کی جانب سے اجلاس کو دی جانے والی بریفنگ میں بتایا گیا کہ فاطمہ جناح ہسپتال کی لیبارٹری میں ٹیسٹنگ کی صلاحیت روزانہ 1500 تک، شیخ زید ہسپتال میں 50 اور پی ایم سی ہسپتال میں 24 ہے، اب تک صوبے میں 72598 افراد کی اسکریننگ اور 31117 افراد کے ٹیسٹ کئے گئے ہیں جن میں 6516 افراد کا ٹیسٹ مثبت آیا ہے، فعال کیسز کی تعداد 4149 ہے جبکہ اموات کی تعداد 54 ہے، صوبے میں 29919 وی ٹی ایم اور 21037 ایکسٹریشن کٹس دستیاب ہیں جو آئندہ 21 دنوں کی ضرورت کے لئے کافی ہیں این ڈی ایم اے کی جانب سے مزید 10 وینٹیلیٹر اور 10 ایکسرے مشینیں فراہم کی گئی ہیں، سیکریٹری صحت نے اجلاس کو بتایا کہ صوبائی سطح پر خطیر فنڈز سے آئی سی یو بیڈز اور دیگر ضروری طبی آلات کی خریداری کی جارہی ہے جبکہ خضدار، ژوب اور تربت میں بھی جلد ٹیسٹنگ کا آغاز کیا جائے گا، انچارج آر پی ای ڈاکٹر فاروق احمد نے اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ریجنل بلڈ سینٹر میں پلازمہ کے حصول اور اس کے ذریعہ کورونا سے متاثرہ مریضوں کا علاج شروع کیا گیا ہے۔

شال بقیہ 2

کوئی ملک لاک ڈاؤن کرتا ہے تو اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ کورونا وائرس ختم ہو جائے گا، اس کا مطلب یہ ہے کہ جس تیزی سے یہ وائرس پھیلتا ہے تو لاک ڈاؤن سے یہ پھیلاؤ کم ہو جاتا ہے کیونکہ جتنے لوگ جمع ہوتے ہیں اتنی تیزی سے یہ وائرس پھیلتا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ لوگوں کا جمع ہونا اور باہر نکلنا بند کردیں تو وبا ختم نہیں ہوتی لیکن اس کے پھیلاؤ میں سستی آجاتی ہے ہم نے جب لاک ڈاؤن کیا تو لوگ ایک مشکل وقت سے گزرے، بیروزگاری کی انتہا ہے اور یومیہ اجرت پر کام کرنے والا طبقے کے گھروں میں مشکلات تھیں لاک ڈاؤن سے دیہاڑی دار طبقے سمیت سب بڑے مشکل حالات سے گزار رہے ہیں لاک ڈاؤن کے اثرات معیشت اور متوسط طبقے پر پڑتا ہے دنیا کا کوئی بھی ملک جہاں زیادہ اموات ہوئی ان سب نے لاک ڈاؤن کھول دیا مگر اس او پیز کے تحت امریکہ جہاں 1 لاکھ سے زائد اموات ہو چکی ہیں انہوں نے بھی کاروبار کو کھول دیا۔ انہوں نے کہا کہ ہماری جو جدوجہد اسی میں ہے کہ کورونا آہستہ سے پھیلے کورونا نے پھیلنا تو ہے۔

شال بقیہ 3

ٹرانسپورٹ کھولا گیا ہے اگر ایس او پیز پر عملدرآمد کا فقدان رہا تو ایک ہی نوٹیفکیشن سے دوبارہ پابندی عائد کی جاسکتی ہے، احتیاطی تدابیر اختیار نہ کرنے کی صورت میں ڈرائیور اور مسافر دونوں کو جرمانہ کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز سول سیکرٹریٹ میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ کورونا وائرس کے حوالے سے میڈیا بھی فرنٹ لائن پر کام کررہے ہیں، حکومت بلوچستان کی جانب سے سمارٹ لاک ڈاؤن کے دوسرے مرحلے میں بہت سے سیکٹر کو ریلیکس کیا گیا ہمیں خدشہ تھا کہ جب تاجروں نے پہلے مرحلے میں حکومتی ایس او پیز پر عملدرآمد نہ کیا تو یہ امکان ظاہر کیا جارہا تھا کہ پبلک ٹرانسپورٹ دوسرے علاقوں کو بھی کورونا وائرس سے متاثر کرسکتی ہے، ہمیں امید ہے کہ ٹرانسپورٹ رائس او پیز پر عملدرآمد کرینگے لیکن اگر ایس او پیز پر عملدرآمد نہ کیا گیا تو گاڑیوں کا چالان کردیا جائے گا، انہوں نے کہا کہ لاک ڈاؤن ختم اور دکانیں کھولنے کے حوالے سے تاجروں نے بھی یقین دہانیاں کرائی تھی لیکن پہلے مرحلے میں اس پر عملدرآمد نہیں ہوسکا تھا ہمیں خدشہ تھا کہ ٹرانسپورٹ کا شعبہ کھولنے سے ایسے علاقے جہاں کورونا نہیں ہو وہاں بھی پہنچ جائے گا۔

شال بقیہ 4

کو اس معاملے پر رہنما کردار ادا کرنا چاہیے، وہ کورونا سے بچاؤ کے لیے قانون سازی کرے، آپ کے پاس اب وقت نہیں رہا، ایک لاکھ سے زائد کورونا ثابت کیس آگئے ہیں۔ چیئرمین کے روز چیف جسٹس پاکستان گلزار احمد کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے چار رکنی بینچ نے کورونا وائرس از خود نوٹس کیس کی سماعت کی۔ چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس گلزار احمد نے اٹارنی جنرل کی طرف سے عوام الناس کی طرف سے کورونا بابت حکومتی طے شدہ ایس او پیز کی پابندی نہ کرنے کی نشاندہی پر کہا ہے کہ وفاقی حکومت کو کورونا بابت فوری قانون سازی کرنے کی ضرورت ہے۔ خالی پریس کانفرنسز اور اعلانوں سے وبا سے نمٹنا ممکن نہیں۔ این ڈی ایم اے بتائے کہ انہوں نے ٹڈی دل کے خاتمے کیلئے بیرون ملک سے لیز پر لیا جانے والے جہاز کس قانون کے تحت حاصل کیا؟ کیا اس لیز کیلئے کوئی ٹینڈر دیا گیا تھا؟ این ڈی ایم اے کو معلوم ہونا چاہیے کہ یہاں کچھ بھی ماورا قانون نہیں ہوسکتا۔

شال بقیہ 5

مخلصانہ قیادت پر اعتماد کا اظہار کیا ہے۔ ماضی کے حکمرانوں کی بے حسی کی وجہ سے دنیا بھر میں پاکستان کی بدنامی ہوئی، ملکی معیشت تباہ ہوئی اور حکمرانی کا نظام عوام کی بجائے ایک مخصوص سرمایہ دار طبقے کی خدمت تک محدود رہا۔ وہ ادارے جنہیں عوام کی خدمت کرنا تھی، انہیں سیاسی مداخلت کے ذریعے اشرافیہ کے مفادات کے تحفظ پر لگا دیا گیا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ عوام نے نظام کی تبدیلی کیلئے ہمارا انتخاب کیا۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ موجودہ حکومت ایک طرف ماضی کی تباہ حال معیشت کو استحکام دینے میں مصروف ہے تو دوسری طرف دنیا میں پاکستان کا حقیقی تشخص اجاگر کرنے کیلئے کوشاں ہیں۔ اس سلسلے میں گزشتہ 2 سال کی قلیل ترین مدت میں خاطر خواہ کامیابی حاصل ہوئی ہے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ مخالفین کے پاس کہنے کو کچھ نہیں، یہ لوگ خود ابہام اور تذبذب کا شکار ہیں۔ بلوچستان میں امن کی بحالی اور ترقی کے خلاف رکاوٹیں ڈال رہے ہیں۔

شال بقیہ 6

کی طرف سے لائسنس دیئے گئے ان خیالات کا اظہار انہوں نے قومی اسمبلی کے اجلاس سے اظہار خیال کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے ایک معصوم بچی کو دلاسہ دینے کیلئے کہ تمہیں کچھ چاہیے کپڑے، کھلونے، یا چاکلیٹ چاہیے تو وہ کہتی ہے کہ نہیں مجھے ماں چاہیے اب اس کی ماں کو کون لاسکتا ہے اس میں کوئی شک نہیں سانحہ ڈھنک میں موقع پر موجود چند ایک قاتلوں کو اور بعد میں کچھ کو گرفتار کیا گیا سوال یہ نہیں کہ گرفتار کئے گئے یا رہا کئے جائینگے یہ کمزوریاں موجود ہیں کہ رنگے ہاتھوں گرفتار ملزمان رہا ہو جاتے ہیں اور سوال یہ بھی ہے کہ یہ کیوں رہا ہو جاتے ہیں یہ کون لوگ ہیں کہ جن کی تصاویر، وزراء اور مشیروں کے ساتھ سوشل میڈیا پر موجود ہیں اور ان کیخلاف کارروائی نہیں ہوتی انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے ہر ضلعے میں اس طرح کے دہشتگرد پائے جاتے ہیں جو صوبے کی سیاسی جماعتوں جو سیاسی طریقے سے جدوجہد کررہے ہیں کیخلاف استعمال کئے جاتے ہیں بتایا جائے کہ اس معصوم بچی برمش اور اس کی والدہ کا کیا قصور تھا صرف گرفتاری سے انصاف نہیں ملے گا اس طرح کے واقعات اور بھی بہت سے ہوئے ہیں بدقسمتی سے بلوچستان کا شاید ہی کوئی ایسا ضلع بچا ہو جہاں کے بچے یتیم نہ کئے گئے ہیں بلوچستان میں اجتماعی قبریں دریافت ہوئی ہیں

شال بقیہ 7

کیا گیا تھا کہ روانگی سے قبل اور منزل پر پہنچنے پر بسوں، وین کے اندورنی حصے میں ڈس انفیکشن اسپرے لازم ہوگا، بسوں اور وین میں ہاتھ سینیٹائز کرنے کی سہولت فراہم کرنا لازم ہوگا، مسافر ایک سیٹ چھوڑ کر بیٹھ سکیں، ٹرانسپورٹرز کو ہر مسافر کا ریکارڈ رکھنے کے ساتھ ساتھ تھرمل گن کے ذریعے انکا درجہ حرارت بھی چیک کیا جائے گا تاکہ بخار میں مبتلا افراد سفر نہیں کرسکیں مسافروں، ڈرائیورز، کنڈکٹرز کیلئے دوران سفر ماسک پہننا بھی لازم قرار دیا گیا ہے بغیر ماسک کے کسی کو بھی سفر کرنے کی اجازت نہیں ہوگی، بسوں کی راہداری میں کسی کو بیٹھنے کی اجازت نہیں ہوگی، ٹیکسی کار میں صرف تین مسافر سفر کرسکیں گے 18 سیٹر وین صرف 10 مسافروں کے ساتھ سفر کرسکے گی، بس اور ویگن اڈوں پر رش اور ہجوم کی اجازت نہیں ہوگی جبکہ ٹرمینلز، اڈوں پر ہاتھ دھونے کی سہولت موجود ہوگی، نوٹیفکیشن کے مطابق ٹرمینلز میں گاہکوں کو ماسک کے بغیر اندر جانے کی اجازت نہیں دی جائیگی۔

شال بقیہ 8

باعث سب سے زیادہ اموات پنجاب میں ہوئی ہیں جہاں 715 افراد جان کی بازی ہار چکے ہیں۔ سندھ میں 650، خیبر پختونخوا میں 575، اسلام آباد میں 52، گلگت بلتستان میں 13، بلوچستان میں 54 اور آزاد کشمیر میں 8 افراد کورونا وائرس سے جاں بحق ہو چکے ہیں۔ ملک بھر میں 24 گھنٹوں کے دوران 38 ہزار 108 ٹیسٹ کیے گئے جب کہ مجموعی طور پر 7 لاکھ پانچ ہزار 833 ٹیسٹ کیے جاچکے ہیں۔

شال بقیہ 9

ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق دہشتگردی سے ہمارے ہزاروں شہری اپنی جانیں گنوا چکے ہیں، قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ہزاروں بہادر جوانوں نے دہشت گردی کے خلاف قربانیاں دی ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ دہشت گردی کا مقابلہ کرنے میں پاکستان کی قربانیوں کو عالمی برادری نے تسلیم کیا ہے، بھارت میں اقلیتوں اور مقبوضہ کشمیر میں جاری مظالم نے بھارتی ہندتوا سوچ کو دنیا کے سامنے بے نقاب کر دیا ہے، بھارت اپنے پاکستان مخالف پروپیگنڈے کو فروغ دینے کے لئے اقوام متحدہ سلامتی کونسل کی رپورٹ سے متعلق غلط بیانی کر رہا ہے، ہمیں یقین ہے کہ عالمی برادری کو گمراہ نہیں کیا جائے گا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ افغانستان میں جاری امن عمل کے لئے سہولت کار کے طور پر پاکستان کے کردار کو عالمی سطح پر تسلیم کیا ہے، پاکستان نے افغان امن عمل کے آغاز سے ہی عالمی برادری کو مختلف میں بگاڑ پیدا کرنے والے عناصر سے آگاہ کیا تھا۔

شال بقیہ 10

کورونا وائرس کے مزید 4 مریض انتقال کر گئے جن میں سے ایک شخص گھر میں آئی سولیٹ تھا جبکہ تین اموات فاطمہ جناح چیسٹ ہسپتال میں ہوئی ہیں، جاں بحق ہونے والوں میں سے تین کا تعلق کوئٹہ جبکہ ایک کا پشین سے بتایا جاتا ہے صوبے میں اب تک کورونا وائرس سے تصدیق شدہ اموات کی تعداد 58 جبکہ کورونا وائرس کے مزید 272 کیس رپورٹ ہونے کے بعد اب تک متاثرہ افراد کی تعداد 6788 ہوگئی ہے رپورٹ کے مطابق صوبے میں اب تک 32322 افراد کے ٹیسٹ کئے گئے جن میں سے 25534 میں وائرس کی تصدیق نہیں ہوئی جبکہ 274 کے نتائج آنے باقی ہیں بلوچستان میں کورونا وائرس سے صحت یاب ہونے والے افراد کی تعداد 2360 ہے رپورٹ کے مطابق صوبے میں مقامی طور پر وائرس سے متاثرہ افراد کی شرح 97 فیصد ہے جن میں سے 5524 کا تعلق کوئٹہ، 138 پشین، 138 کا قلعہ عبداللہ، 147 کا تعلق جعفر آباد، 105 کا تعلق مستونگ، 78 کا تعلق خضدار، 77 کا تعلق لسبیلہ، 67 کا تعلق قلعہ سیف اللہ جبکہ دیگر کا تعلق صوبے کے دیگر حصوں سے ہے۔

شال بقیہ 11

کا ٹیسٹ کرایا جس میں انہیں کورونا وائرس کی تشخیص ہوئی جس کے بعد انہوں نے خود کو 2 ہفتوں کے لئے گھر میں قرنطینہ کرلیا۔ ترجمان ریلوے کے مطابق ڈاکٹرز نے شیخ رشید کو ہدایت کی ہے کہ وہ 2 ہفتے خود کو آئسولیٹ کریں۔ شیخ رشید نے بھی خود میں کورونا وائرس کے پانے کی تصدیق کردی ہے۔

شال بقیہ 12

ایڈہاک ای ڈی کے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق کورونا وائرس کے پھیلاؤ کو مدنظر رکھتے ہوئے صوبے کے سرکاری دفاتر میں کسی بھی شخص کو بغیر ماسک کے داخل ہونے کی اجازت نہیں جائیگی جبکہ تمام دفاتر میں ماسک کے بغیر داخلے پر پابندی ہیں بھی آویزاں کرنے کی ہدایت کردی گئی ہے۔

شال بقیہ 13

کے مطابق پیر کو ضلع چاغی کے علاقے پوتی کے مقام پر سیکورٹی فورسز کی گاڑی اٹھنے سے ایک اہلکار نقیر شہید جبکہ چار اہلکار سپاہی فدا، فیصل، سجاد اور نعیم زخمی ہوگئے جنہیں ابتدائی طبی امداد کے بعد کوئٹہ ریفر کردیا گیا۔

شال بقیہ 14

اسپتال لے جانا چاہتے تھے۔ انتظامیہ نے جانے سے منع کیا تو گیٹ توڑ کر بھاگ نکلے چمن بارڈر پر قرنطینہ کیمپ میں مقیم دو سو افراد گیٹ توڑ کر فرار ہوگئے ہیں۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق افغانستان سے آنے والے مسافر بیمار خاتون کو علاج کے لیے اسپتال لے جانا چاہتے تھے۔ قرنطینہ کے اسٹاف نے انہیں روکنے کی کوشش کی جس پر لوگ مشتعل ہوگئے اور گیٹ توڑ کر بھاگ نکلے۔ فرار ہونے والوں میں خواتین بزرگ اور بچے بھی شامل ہیں فرار ہونے والے افراد کو ہفتے کے روز چمن بارڈر کے قرنطینہ کیمپ منتقل کیا گیا تھا اور ان کے کرونا ٹیسٹ کرانے کے لیے نمونے بھی حاصل نہیں کیے گئے تھے۔

شال بقیہ 15

جانب سے جاری ایس او پیز پر پوری طرح عمل نہ کئے جانے سے کورونا کیسز میں اضافہ ہوا ہے تفصیلات کے مطابق حکومت بلوچستان کی جانب سے کوئٹہ سمیت بلوچستان میں تجارتی مراکز کو کھولنے کیلئے صبح آٹھ بجے سے شام سات بجے تک کا وقت دیا گیا ہے، حکومت کی جانب سے دیئے گئے اوقات پر تاجر تو عمل کررہے ہیں اور شہر کی تجارتی مراکز اور دوکانیں سات بجے تک بند ہونا شروع ہوجاتی ہیں مگر تجارتی مراکز اور دوکانوں میں حکومت کی جانب سے دی جانے والی ایس او پیز پر عمل نہیں ہورہا ہے، شہریوں کی جانب سے ماسک کا بہت کم استعمال، سماجی فاصلے کا خیال نہ رکھے جانے سے شہر میں کورونا کیسز میں تیزی سے اضافہ ہورہا ہے اور پچھلے چھ روز میں ایک ہزار سے زائد کیسز سامنے آئے ہیں۔ عوامی حلقوں نے حکومت بلوچستان سے اپیل کی ہے کہ وہ کورونا وائرس سے بچاؤ کی احتیاطی تدابیر پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کے لئے مربوط اقدامات اٹھائے۔

شال بقیہ 16

استفسار کی اور کہا کہ پکی کی بازیابی کے معاملے میں پیش رفت کیوں نہیں ہوئی ہے جس پر کیس کے تفتیشی آفیسر نے عدالت کو بتایا کہ پکی کی بازیابی کے حوالے سے کوششیں جاری ہیں، بعدازاں عدالت نے پکی کے اغواء میں معاونت کے کیس میں سینیٹر سرفراز بگٹی کی ضمانت کی درخواست پر سماعت ملتوی کردی۔ واضح رہے کہ پکی کے اغواء میں سینیٹر سرفراز بگٹی پر معاونت کا الزام ہے اور وہ اس وقت مجوری ضمانت پر ہیں۔

شال بقیہ 17

سے غیر معیاری فلیورز، سکرین، کلرز، گندے پانی و مضر صحت کیمیکلز سے تیار کردہ قلفی اور معروف برانڈز کی ناقص وجعلی آئسکریم کی بڑی مقدار موقع پر تلف کردی جبکہ مراکز کے مالکان و ذمہ داران کو پولیس کے حوالے کردیا گیا۔ پی ایف اے حکام کے مطابق مذکورہ قلفی کے ایک کارخانے کو کچھ روز قبل بھی حفظان صحت کے اصولوں کی خلاف ورزی اور مضر صحت آئس قلفی کی پروڈکشن پر سیل کیا گیا لیکن کارخانہ کو بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی جانب سے کلیئرنس ملے بغیر دوبارہ کھول کر کام کیا جارہا تھا۔ واضح رہے کہ ڈائریکٹر جنرل بلوچستان فوڈ اتھارٹی ابراہیم بلوچ کی خصوصی ہدایت پر پی ایف اے کی معائنہ ٹیمیں غیر معیاری، مضر صحت وجعلی مشروبات آئسکریم اور قلفی کی تیاری وفروخت کے تدارک کے لیے مسلسل سرگرم ہے۔

شال بقیہ 18

سال یہ اپوزیشن میں رہیں گے تو ان کی جماعت کے لوگ ان کے ساتھ رہیں گے شریف برادران سے کوئی ذاتی لڑائی نہیں، یہ اتنا پیسہ بیرون ملک لے گئے ملک معاشی بحران کا شکار ہے، نہیں چاہتے سارے جیلوں میں رہیں، بیرون ملک جانے والے پیسے واپس آنے چاہئیں۔ وفاقی وزیر سائنس وٹیکنالوجی کا کہنا تھا کہ چینی، آٹا پر رپورٹ پچھلے سالوں کی آئی ہے، مجھے امید ہے اس دفعہ گندم کا بحران پیدا نہیں ہوگا، تیل کی قیمت کم ہو تو ذخیرہ اندوزی شروع ہوجاتی ہے مساجد کے باہر ڈنڈے مار کر لوگوں کو نہیں روک سکتے، مکمل لاک ڈاؤن کی بات کرنا بڑا آسان ہے، سخت لاک ڈاؤن کردیں تو غذائی بحران بھی پیدا ہوسکتا ہے، ہمیں لوگوں کو آگاہی دینی چاہیے۔ پاکستانی قوم میں بڑا ٹیلنٹ ہے ڈائیلاسز مشینیں بھی بنانا شروع کررہے ہیں، اللہ کرے کورونا کی پیک زیادہ نہ رہے، اگر کورونا جاری رہا تو ہسپتالوں پر بہت زیادہ بوجھ پڑے گا، سب سے بہترین طریقہ ماسک پہنیں، 6 فٹ کا فاصلہ رکھیں۔ پریس کانفرنس کے دوران وفاقی وزیر سائنس وٹیکنالوجی فواد چودھری عوام کو مشورہ دیتے رہے کہ ماسک پہنیں لیکن خود انہوں نے ماسک پہنا اور نہ ساتھ کھڑے لوگوں نے پہنا ہوا تھا۔

شال بقیہ 19

کیا، اپوزیشن نے شوگر انکوائری کمیشن کے اعلان کا مذاق اڑایا، انکوائری رپورٹ کے بعد ریکوری ہوگی اور سزائیں ملیں گی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ چند خاندان ملک کے اداروں کو لوٹتے رہے، ماضی میں عوام کو بے دردی سے لوٹا گیا، پی ٹی آئی کی بنیاد معاشی اور سماجی انصاف پر رکھی گئی، انہوں نے کہا کہ حکمران طبقہ اپنی شوگر ملز کو سبسڈی دیتا آرہا تھا، زرداری اور شریف خاندان نے سیاست کو معاشی فوائد کیلئے استعمال کیا، سندھ کا سارا پیسہ زرداری کے جعلی اکاؤنٹس میں جارہا تھا۔ مراد سعید نے کہا کہ چینی مہنگی کرکے بوجھ عوام پر ڈالا جارہا تھا، وزیراعظم عمران خان نے مضبوط ترین شوگر مافیا پر ہاتھ ڈالا۔

شال بقیہ 20

جانے کے لیے مینیٹی قائم کردی گئی۔ مینیٹی میں اوگرا، ایف آئی اے، پی ایس او، ضلعی انتظامیہ اور ایچ ڈی آئی پی کے نمائندے شامل، ذخیرہ اندوزی میں ملوث کمپنیوں کے خلاف کارروائی ہوگی۔ پیر کے روز جاری نوٹیفکیشن کے مطابق ملک بھر میں جاری پٹرولیم مصنوعات کی قلت کے پیش نظر حکومت نے ذخیرہ اندوزی اور بلیک مارکیٹنگ کی وجوہات جاننے کیلئے کمیٹی قائم کردی ہے۔ ڈی جی آئل شیخ الرحمان آفریدی کمیٹی کی سربراہی کریں گے جبکہ اوگرا، ایف آئی اے، پی ایس او کے جنرل منیجر آپریشنز، ضلعی انتظامیہ اور پائیڈرو کاربن ڈیولپمنٹ انسٹیٹیوٹ کے نمائندے کمیٹی میں شامل ہوں گے۔ کمیٹی آئل کمپنیوں کے ڈپو، آؤٹ لیٹس اور ریٹائرز کا دورہ کرے گی جبکہ پٹرول پمپس پر پٹرولیم مصنوعات کی فراہمی کا بھی جائزہ لے گی اور ذخیرہ اندوزی میں ملوث آئل کمپنیوں کے خلاف بھی کارروائی کرے گی۔

شال بقیہ 21

فنڈز (آئی ایم ایف) کے درمیان مذاکرات کا ایک اور دور بے نتیجہ ختم ہوگیا ہے اور حکومت نے آئی ایم ایف پر واضح کردیا ہے کہ 5 ہزار 1 سو ارب روپے سے زائد کا تجویز کردہ ٹیکس ہدف حاصل نہیں ہوسکے گا۔ وزارت خزانہ ذرائع کے مطابق بجٹ اہداف سے متعلق یہ تیسرا رابطہ چیت کا دور تھا جو نتیجہ خیز ثابت نہیں ہوسکا کیونکہ حکومت کا موقف ہے کہ اگر آئی ایم ایف کے مطالبے پر بجلی اور گیس کی قیمتوں میں اضافہ کیا گیا یا پھر ٹیکسوں کا ہدف زیادہ رکھا گیا تو اس سے حکومت کیلئے مشکلات بڑھیں گی البتہ آئی ایم ایف کو یقین دہانی کروائی گئی ہے کہ غیر ضروری اخراجات میں واضح کمی لائی جارہی ہے۔

شال بقیہ 22

ممالک سے آنے والے مسافروں کا کورونا ٹیسٹ کیا جارہا ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ بیرون ملک سے آنے والے پاکستانی مسافروں کو دو ہفتے کیلئے قرنطینہ کیا جارہا ہے یہ فیصلہ 2 جون کو قومی رابطہ کمیٹی اجلاس میں کیا گیا تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان میں کورونا کے مقامی ٹرانسمیشن کی شرح 94 فیصد ہوگئی ہے جبکہ بیرون ملک مسافروں میں یہ شرح صرف 6 فیصد ہے میں نے بار بار کہا ہے کہ ہمیں بیرون ملک اپنے شہریوں کا مشکور ہونا چاہیے انہوں نے صبر و تحمل سے صورتحال کا سامنا کیا ہے۔

شال بقیہ 23

میں بتایا گیا ہے کہ انہوں نے 3 جون کو پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف سے ملاقات کی تھی۔ جس کے بعد ان میں کورونا وائرس کی علامات ظاہر ہونا شروع ہوگئی تھیں۔ شاہد خاقان عباسی 15 روز کے لئے قرنطینہ چلے گئے ہیں جبکہ دوسری طرف اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی شہباز شریف کا ایک اور کورونا ٹیسٹ منفی آگیا ہے۔ ذرائع کے مطابق شہباز شریف نے 3 جون کو لاہور ہائیکورٹ میں پیشی کے موقع پر بے پناہ رش کے باعث 4 جون کو کورونا ٹیسٹ کروانے کا فیصلہ کیا تھا جس کی رپورٹ منفی آئی ہے۔

شال بقیہ 24

خصوصی لیفٹیننٹ جنرل (ر) عاصم سلیم باجوہ، چیف ایگزیکٹو پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز ایئر مارشل ارشد ملک و دیگر سینئر افسران شریک تھے۔ سی ای او پی آئی اے نے وزیر اعظم کو حالیہ پی آئی اے طیارہ حادثے کی تحقیقات، شہید افراد کا جسد خاکی لواحقین کو حوالے کرنے، متاثرین کو معاوضے کی ادائیگیوں میں اب تک کی پیش رفت پر بریفنگ دی۔ قومی ایئر لائن کی تنظیم نو اور اصلاحات کا مفصل روڈ میپ اور اس پر عمل درآمد کے حوالے سے ٹائم لائنز وزیر اعظم کو پیش کی گئیں۔ سی ای او پی آئی اے نے بتایا کہ قومی ایئر لائن کو اس وقت تقریباً چار ارب روپے ماہانہ کے خسارے کا سامنا ہے۔

شال بقیہ 25

کو واپس بھیجنے کا سلسلہ جاری ہے، جدہ سے پشاور کے لئے قومی ایئر لائن کی خصوصی دو پروازیں 287 مسافر لیکر روانہ ہوئی۔ مئی 2020 سے پی آئی اے کی خصوصی پروازوں کے آغاز سے اب تک 2200 سے زیادہ پاکستانی جدہ سے پاکستان پہنچ چکے ہیں اور جدہ مکہ اور طائف سمیت قریبی شہروں میں مختلف بیماریوں سے وفات پانے والوں کی تمام ڈیڈ باڈیاں بھی جدہ سے پاکستان منتقل کردی گئی تو قنصلر جنرل جدہ خالد مجید پی آئی اے کے تعاون سے، ان خصوصی پروازوں کے انتظامات کو خود دیکھ رہے ہیں اور کمیونٹی کو بہترین سہولیات فراہم کررہے ہیں۔

شال بقیہ 26

منی فلائٹس آئیں، ایک بھی فلائٹ کوئٹہ کے لیے یو اے ای یا مسقط یا سعودی عرب سے نہیں آئی انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے ایک گھر میں دہشت گردوں نے حملہ کیا، ایک خاتون کو گھر میں گھس کر ٹارگٹ کیا جاتا ہے اور اس کی چار سالہ بچی کو بھی زخمی کردیا گیا، معصومیت کی وجہ سے اس بچی کو یہ تک علم نہیں تھا وہ موت کی منہ سے واپس آئی ہے، اس بچی کو یہ تک علم نہیں تھا کہ اس کی ماں کو دہشت گردوں نے نشانہ بنایا، ابھی تک کچھ دہشت گردوں کو گرفتار کیا گیا اور بعض کو ابھی تک نہیں پکڑا گیا، افسوس کی بات ہے کہ یہ نظام کی خرابی ہے، ان افراد کے خلاف کیوں کارروائی نہیں ہوتی جن کی وزیروں مشیروں کے ساتھ تصاویر بھی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ڈھنڈ اسکواڈ کیوں بنائے جارہے ہیں، کئی علاقوں میں اجتماعی قبریں دریافت ہوئی ہیں وہ بھی ان ڈھنڈ اسکواڈ کی کارروائی تھی، ریاست کی طرف سے ان ڈھنڈ اسکواڈ کو مارنے کا لائسنس دیا گیا ہے۔

شال بقیہ 27

ہے اور نہ ہی انہیں عوام کی حقوق اور ملک کی ترقی وخوشحالی سے کوئی سروکار ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے دور حکومت میں اتنی مہنگائی بھر پا نہیں کی گئی جیسے کہ آج مہنگائی کا طوفان برپا کیا گیا ہے اور موجودہ عمران نیازی کی حکومت نے عوام کو تباہی اور بربادی کے دہانے پر لا کھڑا کردیا ہے جبکہ حکمرانوں کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے ملک کی معیشت تباہ ہوچکی ہے۔

شال بقیہ 28

شبت آگیا ہے۔ جس کے بعد طارق فضل چوہدری نے خود کو 14 روز کے لئے اپنی رہائش گاہ پر قرنطینہ کرلیا ہے۔

شال بقیہ 29

سرگرمیاں بلا تعطل جاری رہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ کے مختلف ہسپتالوں کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹس کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر سیکرٹری صحت دوشین خان جمالدینی ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ بلوچستان ڈاکٹر محمد سلیم ابڑو سمیت دیگر متعلقہ حکام اور طبی ماہرین بھی موجود تھے اجلاس میں بی ایم سی، سول سنڈیمن اسپتال، شیخ زید اسپتال، اور فاطمہ جناح چیسٹ اسپتال کے ایم ایسز نے مجموعی صورتحال پر بریفنگ دی اور اپنے اپنے اسپتالوں میں کووڈ پیشنٹ کی شرح داخلہ، دستیاب وسائل اور فوری ضروریات و ترجیحاتی اقدامات سے آگاہ کیا پارلیمانی سیکرٹری صحت ڈاکٹر ربابہ بلیدی نے کہا کہ ایک صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے اسپتالوں میں مریضوں کے تناسب سے بیڈز کی گنجائش موجود ہے تاہم تمام اسپتالوں کے سربراہان کو مریضوں کی تعداد میں غیر معمولی اضافے کی صورت میں متبادل پلان بھی تیار رکھنا چاہیے تاکہ مزید ہنگامی حالات میں محکمہ صحت کی طبی سرگرمیوں کا تسلسل قائم رکھا جاسکے۔

شال بقیہ 30

سے ملحقہ تمام علاقوں کا گزر بسر واسطہ ہے البتہ گزشتہ کئی ماہ سے بارڈر بند رہنے کی وجہ سے ہزاروں خاندان نان شبینہ کے محتاج ہوچکے ہیں یہ لوگ کورونا سے نہیں بلکہ بھوک سے مر جائیں گے پاک افغان بارڈر کی کئی ماہ سے بندش کی وجہ سے بے روزگاری میں بھی بڑی حد تک اضافہ ہے حکومت نے جب ٹرانسپورٹ، بازار اور ایران کا بارڈر تجارت کے لئے کھول دیئے ہیں تو پھر پاک افغان بارڈر بھی ایس او پیز کو مدنظر رکھتے کھول دینا چاہیے تاکہ ہزاروں افراد جو اس وقت بے روزگار اور متاثر ہیں کو ریلیف فراہم کیا جاسکے۔

شال بقیہ 31

میں سفاکیت کی نئی لہر شروع کر رہی ہے، گھر گھر تلاشی کی آڑ میں کشمیری نوجوانوں کو شہید کیا جارہا ہے، مقبوضہ کشمیر میں ماورائے عدالت قتل کے واقعات میں خطرناک حد تک اضافہ ہو چکا ہے۔ علی امین گنڈاپور نے کہا کہ عالمی دنیا بھارت کے نسلی تعصب اور ہندو انتہا پسندی کا بھی نوٹس لے، بھارتی ہندو انتہا پسندی خطرناک حدوں کو چھو رہی ہے۔

شال بقیہ 32

خود اس لاپروائی کے ذمہ دار ہیں۔ زرتاج گل وزیر نے کہا کہ سیاست دانوں کو کورونا پر بیان بازی ترک کرنی چاہیے، کورونا پر سیاست چمکانے کے بجائے لوگوں میں آگاہی پیدا کریں۔ ان کا کہنا تھا کہ سندھ حکومت کو فنڈ دیا گیا وہ کہاں گیا؟ دراصل سندھ حکومت ملک کے لیے سب سے بڑی آفت ہے۔ وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی نے کہا کہ حکومت ٹڈی دل کے خاتمے کے لیے کام کررہی ہے، نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سنٹر اس کے عمل میں مصروف ہے۔ انہوں نے کہا کہ 18 ویں ترمیم کے تحت صوبوں کو اپنے حصے کا کام کرنا چاہیے، چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو کورونا پر بیان بازی کرتے ہیں۔

شال بقیہ 33

کے مطابق انہوں نے پیر کو فنانس ڈویژن میں

بلوچستان کا آئندہ مالی سال کا بجٹ 18 جون کو پیش کیا جائے گا، بلیدی

بلوچستان کے بجٹ کے حوالے تیاریاں زروشور سے جاری ہے، بجٹ میں صحت اور تعلیم کو ترجیح دی جائے گی

بلوچستان میں مخلوط اتحادی حکومت ہے اس سلسلے میں تمام اتحادی جماعتوں کے ساتھ مشاورت کی جارہی ہے، صوبائی وزیر خزانہ

ڈپٹی کمشنر پشین قائم لاشاری کلی کمالزئی میں صحت کے بنیادی مرکز میں اسٹاف سے گفتگو کررہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر خزانہ میر ظہور احمد بلیدی نے کہا ہے کہ بلوچستان کا آئندہ مالی سال برائے 21-2020ء کے بجٹ کی تیاریاں جاری ہے اس سلسلے میں صوبائی حکومت میں شامل اتحادی جماعتوں سے بھی مشاورت جاری ہے امکان ظاہر کیا جارہا ہے کہ بلوچستان کا آئندہ مالی سال کا بجٹ رواں ماہ 18 جون کو پیش کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق بلوچستان بجٹ 21-2020 کی تیاریاں جاری ہے بلکہ یہ بھی امکان ظاہر کیا جارہا ہے کہ بلوچستان کا آئندہ مالی سال کا بجٹ 18 جون کو پیش کیا جائے گا جس میں غیر ترقیاتی مد میں 320 ارب جبکہ ترقیاتی مد میں 110 ارب روپے مختص کرنے کی تجاویز شامل ہیں، اس سلسلے میں صوبائی وزیر خزانہ میر ظہور بلیدی کا کہنا ہے کہ بلوچستان کے بجٹ کے

بقیہ نمبر35 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان کا سردار درمحمد ناصر کی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

کوئٹہ (نامہ نگار) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے سابق صوبائی وزیر و نائب صدر بلوچستان عوامی پارٹی سردار درمحمد ناصر کی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے ایک تعزیتی بیان میں وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ مرحوم ایک

بقیہ نمبر46 صفحہ 3 پر

سانحہ ہزارہ ٹاؤن اور سانحہ ڈھنک تربت انسانیت سوز واقعات ہیں، ٹکری نور احمد محمد شہی

وزیراعلیٰ بلوچستان اور وزیر داخلہ بلوچستان کی جلد نوٹس اور عملی اقدامات لائق تحسین ہے

واقعات میں ملوث عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں ہے، تعصب کو ہوا دینے کی بجائے بھائی چارے کی فضا قائم کی جائے

منگچر (نامہ نگار) سانحہ ہزارہ ٹاؤن اور سانحہ ڈھنک تربت انسانیت سوز واقعات ہیں ان واقعات میں ملوث ملزمان کی گرفتاریاں صوبائی حکومت کی بہترین کارکردگی ہے وزیراعلیٰ بلوچستان اور وزیر داخلہ بلوچستان کی جلد نوٹس اور عملی اقدامات لائق تحسین ہے، ان خیالات کا اظہار بلوچستان عوامی پارٹی تحصیل ٹکری کے سینئر رہنما ٹکری نور احمد محمد شہی نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ بلوچستان عوامی پارٹی ان سانحات کی شدید الفاظ میں مذمت کرتی ہے یہ واقعات روایات اور

بقیہ نمبر47 صفحہ 3 پر

چلو بلوچستان کی تعلیمی ترقی کیلئے اقدامات اٹھا رہی ہے، ظہور بلیدی

بلوچستان ایک پسماندہ صوبہ ہے ہم نے اس صوبے کی تعلیمی ترقی کیلئے پالیسی بنائی ہے

انشاء اللہ آنیوالے وقتوں میں بلوچستان کے ایجوکیشن سیکٹر میں بہتری آئیگی، سیکریٹری سیکنڈری ایجوکیشن بلوچستان

لسبیلہ (خ ن) سیکریٹری سیکنڈری ایجوکیشن بلوچستان غلام علی بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کی حکومت صوبے کی تعلیمی ترقی کیلئے متعدد اقدامات اٹھا رہی ہے امریکن بورڈ سے بلوچستان کے اساتذہ کے لئے آن لائن سرٹیفکیشن کورس متعارف کروایا گیا ہے آن لائن سرٹیفکیشن امتحان میں شریک ہونے والے غریب اساتذہ کی امتحانی فیس حکومت ادا کریگی ان خیالات کا اظہار انھوں نے حکومت بلوچستان کی جانب سے یوسیف کے تعاون

بقیہ نمبر38 صفحہ 3 پر

نصیر آباد ڈپٹی کمشنر جعفر آباد عبدالرزاق نجگ کی ہدایت پر سرکاری اراضی پر قبضہ کے خلاف کارروائی کی جارہی ہے

بلوچستان کو ایک مفتوحہ علاقہ قرار دیکر نظر انداز کیا جارہا ہے، حاجی صالح محمد بلوچ

وفاق اور اسلام آباد میں بیٹھے لوگوں کی زہنوں میں بلوچستان اس ملک کے کسی بھی کونے میں شامل ہی نہیں ہے

بنجگور (این این آئی) نیشنل پارٹی بنجگور کے ضلعی صدر حاجی صالح محمد بلوچ مرکزی ریسرچ ایڈوکیسی پلیٹفارم بلوچ مرکزی کمیٹی کے رکن حاجی اکبر بلوچ ضلعی جنرل سیکرٹری صدیق بلوچ تحصیل صدر تاج بلوچ نے وفاقی پی ایس ڈی پی میں بلوچستان کے منصوبوں خصوصاً کراچی کوئٹہ چمن شاہراہ کو نکالنے کی وفاقی حکومت کی بدنیتی پر مبنی فیصلے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ 74 سال گزر جانے کے باوجود وفاق اور اسلام آباد میں بیٹھے حکمرانی کرنے والے والوں کی زیادتی اور ناانصافی کرنے والے رویہ میں کوئی تبدیلی دیکھنے میں نہیں آرہی ہے ایسا لگتا ہے وفاق اور اسلام آباد میں بیٹھے لوگوں کی زہنوں

بقیہ نمبر57 صفحہ 3 پر

حکومت شہید بلال خان کے والد کے خدشات اور تحفظات دور کرنے کیلئے فوری اقدامات کرے، نظر زوران

ہم سب انسان اور مسلمان ہی اور ہمارا مذہب کسی بھی قسم کے نسلی امتیاز کی اجازت نہیں دیتا

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے رہنما نظر زوران، بجلی کاکڑ، ابراہیم کاکڑ، سید جہانگیر شاہ، ڈاکٹر سلمان شاہ، فائیں زوران نے کہا ہے کہ ہزارہ ٹاؤن کا واقعہ دل خراش اور دہشتگردانہ تھا بلال خان شہید کے والد کی جانب سے گزشتہ روز پریس کانفرنس میں جن خدشات کا ذکر کیا اون کے خدشات کو دور کرنے کے لئے حکومت وقت کو سنجیدہ اقدامات اٹھانا چاہئے اور اس واقعہ کے تمام کرداروں کو کیفر کردار تک پہنچانا ہوگا۔ یہاں جاری ہونے والے اپنے ایک مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ عوامی کا یہی مطالبہ ہے کہ واقعہ ہزارہ ٹاؤن کی آڑ میں کسی قوم کی تفریق فرقہ

بقیہ نمبر58 صفحہ 3 پر

پولیس تھانہ عادل پور کی کاروائی، چار اشتہاری ملزم محمد امین عرف لوٹی ولد گہرام قوم سندرانی گبجی گرفتار

خیرون (نامہ نگار) ڈی۔آئی۔جی شہاب عظیم لہڑی ایس۔ایس۔پی صحبت پور سردار حسن خان موسیٰ خیل کی خصوصی ہدایات پر SDPO سمبوی اختر علی بگٹی SHO خان محمد کھوسہ نے کاروائی کرتے ہوئے چار اشتہاری ملزم محمد امین

بقیہ نمبر52 صفحہ 3 پر

خضدار لیویز کا قومی شاہراہ پر کاروائی، دو ملزمان گرفتار

خضدار (نامہ نگار) اسسٹنٹ کمشنر خضدار کا اے سی یو ٹی اختیار ساسولی اور اے سی یو ٹی صہیب احمد کے ہمراہ پریس کانفرنس تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر خضدار عبدلجید سرپرہ نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ ڈپٹی کمشنر

بقیہ نمبر56 صفحہ 3 پر

قلات سے پولیس ٹریننگ سینٹر آر ٹی سی کے شفٹنگ لاہو ڈپارٹمنٹ اور ڈرائیل ڈپارٹمنٹ کی کلوزنگ کے بالاتر ہے، ملک محمد ہاشم مغل

منگچر (نامہ نگار) پاکستان تحریک انصاف کے ڈپٹی جنرل سیکریٹری لیبر ونگ سابقہ مسٹر قلات کے ملک محمد ہاشم مغل میر امام بخش بنگ جمعہ خان بنگ دیگر نے اپنے مذمتی بیان میں کہا کہ قلات سے پولیس ٹریننگ سینٹر آر ٹی سی کے شفٹنگ لاہو ڈپارٹمنٹ اور ڈرائیل ڈپارٹمنٹ کی کلوزنگ سمجھ سے بالاتر ہے جن کی پاکستان تحریک انصاف بھرپور مذمت کرتے ہیں اور آر ٹی سی کو قلات سے شفٹ نہیں ہونے دیگے انہوں نے کہا کہ ایک منصوبہ کہ تحت قلات کو ایک بار پھر پسماندہ رکھنے کی کوشش کررہے ہیں انہوں

بقیہ نمبر59 صفحہ 3 پر

اسسٹنٹ کمشنر پشین حضرت ولی کاکڑ کورونا ایس او پیز سے متعلق ٹرانسپورٹرز اور قصائیوں کی اجلاس سے خطاب کررہے ہیں

برطانیہ میں نسل پرستانہ مظاہروں کو غنڈہ گردی سے خراب کردیا گیا، وزیراعظم

لندن (این این آئی) برطانوی وزیراعظم بورس جانسن نے کہا ہے کہ برطانیہ میں نسل پرستی خلاف مظاہروں کو غنڈہ گردی کرکے خراب کردیا گیا ہے۔ پرامن مظاہروں کو

بقیہ نمبر66 صفحہ 3 پر

جمعیت علماء اسلام کے پلیٹ فارم پر جدوجہد کرنے میں کامیابی کا راز مضمر ہے، سید خلیل آغا

سید فضل آغا مرحوم کے جاری ترقیاتی منصوبہ کو پایہ تکمیل تک پہنچا کر ان روح کو تسکین پہنچائیے

کوئٹہ (آن لائن) سید فضل آغا مرحوم کے جانشین سید خلیل آغا نے کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام کے پلیٹ فارم پر جدوجہد کرنے میں کامیابی کا راز مضمر ہے سید فضل آغا مرحوم کے نقش قدم پر چلتے ہوئے کارکنوں اور بزرگوں کی امیدوں پر پورا اترنے کیلئے تمام تر توانائی بروئے کار لائیگے اور

بقیہ نمبر67 صفحہ 3 پر

چائنا پاور کمپنی کی جانب سے ضلع لسبیلہ کے مستحق افراد میں امداد کی تقسیم کا کام جاری

CPHGC کے سی ایس آر اقدامات کے تحت گاں کے باشندوں کیلئے یہ امداد مستقبل میں بھی جاری رہے گی

لسبیلہ (این این آئی) چائنا پاور کمپنی کی جانب سے ضلع لسبیلہ کے مستحق افراد میں امداد کی تقسیم کا کام جاری۔ ترجمان چائنا پاور کمپنی کے مطابق گزشتہ روز چائنا پاور حب جنریشن کمپنی اور بلوچستان ماحولیاتی تحفظ ایجنسی (BEPA) کی جانب سے ویرکس گوٹھ کے مستحق لوگوں میں راشن بیگز تقسیم کئے گئے۔ CPHGC کے سی ایس آر اقدامات کے تحت گاں کے باشندوں کیلئے یہ امداد مستقبل میں بھی جاری رہے گی۔

کرونا کی وجہ سے چمن کے عوام سخت مشکلات سے دوچار ہے، حاجی فیض اللہ

پاک افغان باڈر بند ہونے کی وجہ سے چمن کی ہزاروں افراد بیروزگار ہے

چمن (آن لائن) جمعیت علماء اسلام (نظریاتی) تحصیل چمن کی امیر حاجی فیض اللہ، جنرل سیکرٹری عبدالولی سالار، پریس سیکرٹری محمد حنیف حنفی، مولوی احمد خان، حافظ عتیق اللہ، قاری عبداللہ، حاجی برات خان، حاجی عبدالمالک، حاجی محمد انور، عبدالباری سالار، محمد یونس، مولوی عارف امیر حیدری اور دیگر نے اخباری بیان میں کہا کرونا کی وجہ سے چمن کے عوام سخت مشکلات سے دوچار

بقیہ نمبر68 صفحہ 3 پر

پرائیویٹ سکولوں کو کرونا کی وجہ سے درپیش مسائل پر اے پی سی بلائی گئی ہیں، حضرت علی کوثر

پرائیویٹ تعلیمی اداروں کے مسائل روز بروز گھمبیر ہو رہے ہیں، صوبائی صدر اقرا اسکولز ایسوسی ایشن بلوچستان

کوئٹہ (آن لائن) پرائیویٹ سکولوں کو کرونا کی وجہ سے درپیش مسائل پر اے پی سی بلائی گئی ہیں حضرت علی کوثر اقرا سکولز ایسوسی ایشن بلوچستان کے صوبائی صدر حضرت علی کوثر جنرل سیکرٹری مولوی نعمت اللہ پریس سیکرٹری مولانا محمد جیلانی فنانس قاری زیب الرحمن نائب صدر اول قاری محمد اسلم نائب صدر دوم رحمت اللہ غزنوی عبدالخالق کاکڑ صلاح الدین کاکڑ مولوی محمد انور سراج الدین مولوی زین

بقیہ نمبر69 صفحہ 3 پر

مچھ میں جاری ترقیاتی کاموں کی تکمیل سے خوشحالی کا نیا دور شروع ہوگا، بشیر احمد پلال

ترقیاتی اسکیم عوام کی امانت ہے ترقیاتی کام معیار کے عین مطابق تعمیر کرائی جارہی ہے

مچھ (آن لائن) چیف آفیسر مچھ بشیر احمد پلال نے کہا ہے کہ ترقیاتی اسکیم عوام کی امانت ہے ترقیاتی کام معیار کے عین مطابق تعمیر کرائی جارہی ہے مچھ میں جاری ترقیاتی کاموں کی تکمیل سے خوشحالی کا نیا دور شروع ہوگا اور مسائل میں کمی آئے گی۔ مچھ میں جاری ترقیاتی اسکیموں کی بروقت تکمیل کو ضروری یقینی بنائی گئی ہے عوامی فلاح و بہبود کی اسکیمات کی تکمیل اور کام کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔

سابق صوبائی مشیر سردار محمد ناصر کرونا کی وجہ سے انتقال کر گئے

وزیراعلیٰ جام کمال خان، صوبائی وزراء اور سیاسی و مذہبی جماعتوں کے قائدین کی جانب سے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا گیا

عام انتخابات 2018 میں انہوں نے مسلم لیگ ن چھوڑ کر بلوچستان عوامی پارٹی میں شمولیت اختیار کی

دکی/کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے صوبائی نائب صدر و سابق صوبائی مشیر انڈسٹریز سردار درمحمد ناصر کرونا کی وجہ سے کراچی میں انتقال کرگئے۔ وہ سردار جمیل خان ناصر، سردار زادہ الیاس خان ناصر، بلال خان ناصر اور شیر یار ناصر کے والد جبکہ ڈاکٹر نواز ناصر کے بھائی سنیٹر سردار محمد یعقوب خان ناصر، سردار سلطان محمد ناصر، سردار عبدالرؤف ناصر، حاجی راز محمد ناصر کا سجیجا جبکہ ڈی آئی جی کراچی رینج وزیر خان ناصر حاجی عبدالرشید

بقیہ نمبر39 صفحہ 3 پر

اوستہ محمد، صدام حسین عمرانی کا اپنے ساتھیوں سمیت نصیر آباد پولیس کے خلاف احتجاج کررہے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے صوبائی وزراء اور چیئرمین کمشنر زمرک خان اچکزئی، سردار عبدالرحمن کھیتران، نوابزادہ طارق حسین مگسی، میر ضیاء اللہ لانگو اور رکن صوبائی اسمبلی اصغر خان اچکزئی ملاقات کررہے ہیں

چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو سے رکن صوبائی اسمبلی قادر علی نائل کی ملاقات

ملاقات میں رکن صوبائی اسمبلی قادر علی نائل نے حلقہ PB-26 کے تمام علاقوں میں بجلی کی موجودہ صورتحال پر تبادلہ خیال

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر محمد عارف سے رکن بلوچستان صوبائی اسمبلی قادر علی نائل نے کیسکو ہیڈکوارٹر میں ملاقات کی۔ ملاقات میں رکن صوبائی اسمبلی قادر علی نائل نے حلقہ PB-26 کے تمام علاقوں میں بجلی کی موجودہ صورتحال، حلقہ میں نئے گرڈ اسٹیشن کی تعمیر اور نئے 11KV فیڈر کے قیام اور اوورلوڈ فیڈر کو بائی فرکیشن کے سلسلے میں کیسکو چیف کو آگاہ کیا۔ اس موقع پر رکن صوبائی اسمبلی نے کہا کہ حلقہ

بقیہ نمبر40 صفحہ 3 پر

ٹڈی دل نے زمینداروں کے کڑی فصلوں کو بے تحاشا نقصان پہنچایا ہے، پرنس لعل جان احمد زئی

زراعت کا شعبہ بجلی کی لوڈ شیڈنگ اور حکومت کی عدم توجہی کے باعث شدید متاثر ہیں

منگچر (نامہ نگار) ٹڈی دل نے زمینداروں کے کڑی فصلوں کو بے تحاشا نقصان پہنچایا ہے ان خیالات کا اظہار زمیندار کسان اتحاد کے مرکزی صدر پرنس لعل جان احمد زئی کی قیادت میں وفد نے ڈپٹی کمشنر قلات عزت نذیر بلوچ سے ملاقات کرتے ہوئے کیا انھوں نے ٹڈی دل کے تباہ کاریوں اور زمینداروں کے اربوں روپے کے نقصانات کے حوالے سے۔ ڈپٹی کمشنر قلات کو آگاہ کیا انھوں نے

بقیہ نمبر41 صفحہ 3 پر

ضلع لسبیلہ میں اسکولوں کی ادھوری عمارتوں کو مکمل نہ کرنے کی وجہ فنڈز کا نہ ہونا ہے، غلام علی بلوچ

حکومت بڑی اسکیمات کی منظوری دیتی ہے لیکن فنڈز کو قسطوں میں جاری کیا جاتا ہے

اوتھل (نامہ نگار) سیکرٹری تعلیم بلوچستان غلام علی بلوچ نے کہا ہے کہ ضلع لسبیلہ میں اسکولوں کی ادھوری عمارتوں کو مکمل نہ کرنے کی وجہ فنڈز کا نہ ہونا ہے حکومت بڑی اسکیمات کی منظوری دیتی ہے لیکن فنڈز کو قسطوں میں جاری کیا جاتا ہے جس کی وجہ اسکولوں کی عمارتیں تاخیر سے مکمل ہوتی ہیں ہم نے تمام نامکمل اسکیموں کی لسٹیں لی ہوئی ہم سی اینڈ ڈبلیو سے مل کر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ ڈپارٹمنٹ میں جمع کرائے اس سال کے بجٹ میں ان اسکیمات کو رکھا

بقیہ نمبر44 صفحہ 3 پر

لسبیلہ کے ضلعی ہیڈکوارٹر اوتھل میں آوارہ کتوں کی یلغار شہری سخت پریشان

اوتھل (نامہ نگار) لسبیلہ کے ضلعی ہیڈکوارٹر اوتھل میں آوارہ کتوں کی یلغار شہری سخت پریشان، شہر کے مختلف محلوں خاصخیلی جماعت خانہ، جمالی محلہ، شیدی محلہ سمیت آوارہ کتوں سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے شہریوں کا کہنا ہے کہ یہ آوارہ مچھ راکھور شہریوں خصوصاً بچوں

بقیہ نمبر45 صفحہ 3 پر

عوام اور تاجر برادری کورونا وائرس سے بچاؤ کے لئے حفاظتی تدابیر پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں، ڈاکٹر محمد یاسر بازئی

ضلعی انتظامیہ اور پولیس نے شہر میں ایس او پیز کی خلاف ورزی پر دو شاپنگ سنٹروں سمیت گیارہ دکانوں کو سیل کردیا ہے

سبی (این این آئی) ڈپٹی کمشنر سبی ڈاکٹر محمد یاسر بازئی نے کہا ہے کہ سبی میں مجموعی طور پر اب تک 55 افراد کورونا وائرس کا شکار ہو چکے ہیں، 17 مریض صحت یاب ہو کر اپنے گھروں کو واپس پہنچ گئے ہیں، عوام اور تاجر برادری کورونا وائرس سے بچاؤ کے لئے حفاظتی تدابیر پر عملدرآمد کو یقینی

بقیہ نمبر50 صفحہ 3 پر

ڈیرہ مراد جمالی میں مچھروں اور مکھیوں سے نجات کیلئے اسپرے کرایا جائے، علامہ شبیر احمد نوری

صفائی کی ناقص صورتحال نے ڈیرہ مراد جمالی شہر کو گندگی و غلاظت کے ڈھیر میں تبدیل کردیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) تحفظ مساجد و مدارس اہلسنت پاکستان کے سربراہ علامہ شبیر احمد نوری نے میڈیا وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ڈیرہ مراد جمالی میں مچھروں اور مکھیوں سے نجات کیلئے اسپرے کرایا جائے صفائی کی ناقص صورتحال نے ڈیرہ مراد جمالی شہر کو گندگی

بقیہ نمبر51 صفحہ 3 پر

لسبیلہ، سیکریٹری ایجوکیشن بلوچستان غلام علی بلوچ حب میں میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

ڈپٹی کمشنر جعفر آباد عبدالرزاق نجگ کا بروقت اقدام محکمہ زراعت کے گودام پر قبضے کی کوشش ناکام بنادی

سرکاری املاک کی حفاظت انتظامیہ کی ذمہ داری ہے اور سرکاری املاک پر قبضہ جرم ہے جس کے خلاف ضلعی انتظامیہ متحرک ہے

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفر آباد عبدالرزاق نجگ کا بروقت اقدام محکمہ زراعت کے گودام پر قبضے کی کوشش ناکام بنادی۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر جعفر آباد عبدالرزاق نجگ کو اطلاع ملی کہ ضلعی ہیڈکوارٹر ڈیرہ اللہ یار میں واقع محکمہ زراعت کے گودام پر چند نامعلوم افراد کی جانب سے قبضے کی کوشش کی جارہی ہے جس پر ڈپٹی کمشنر جعفر آباد عبدالرزاق نجگ کی جانب سے بروقت نوٹس لیتے ہوئے اپنا عملہ بھیج دیا۔ جنھوں نے قبضے کی کوشش ناکام بناتے ہوئے ناجائز تعمیرات گرا دی اور قبضہ ہٹا کر محکمہ

بقیہ نمبر55 صفحہ 3 پر

ٹڈی دل نے پورے امین آباد کو اپنی لپیٹ میں لے کر فصلات کو تباہ کردیا، پرنس محمد جان کشانی

زمینداروں نے جو کچھ بویا تھا وہ ٹڈی دل کی نذر ہوگئے جس کی نقصان کا تخمینہ اربوں روپے بنتی ہے

لوکھڑی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنماء پرنس محمد جان کشانی نے گزشتہ روز سے امین آباد پر ٹڈی دل کی یلغار سے پیدا ہونے والی صورتحال، زمینداروں کی بے بسی اور محکمہ زراعت کی مجرمانہ غفلت کو افسوسناک قرار دیتے ہوئے کہا کہ ٹڈی دل نے پورے امین آباد کو اپنی لپیٹ میں لے کر فصلات کو تباہ کردیا زمینداروں نے جو کچھ بویا تھا وہ ٹڈی دل کی نذر ہو

بقیہ نمبر60 صفحہ 3 پر

محنت وافرادی قوت کے محکمے کی خود کی صرف ڈویژنل سطح پر ہے، محمد خان لہڑی

محکمہ زراعت ٹڈیوں کے پرے کیلئے ان کی خدمات کو بروئے کار لاسکتا ہے اور محکمہ تعلیم سکولوں اور کالجوں کی صفائی کے لیے ان کی خدمات کو بروئے کار لاسکتا ہے

اب تک صوبہ بلوچستان کے زیادہ تر اضلاع سے یومیہ مزدوروں کے کوائف اکٹھے کیے ہیں، صوبائی مشیر محنت وافرادی قوت

کوئٹہ (خ ن) کووڈ-19 وبائی مرض کے تناظر میں حکومت بلوچستان نے فعال انداز میں صوبے میں کووڈ-19 کے بعد پیدا ہونے والی غیر معمولی صورت حال سے نمٹنے کے لیے متعدد اہم اقدامات اٹھائے ہیں۔ جنمیں ایگزیکٹو کور کمیٹی اور فوڈ سیکورٹی کمیٹی کا قیام شامل ہے۔ ان خیالات کا اظہار صوبائی مشیر محنت وافرادی قوت حاجی محمد خان لہڑی نے وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے اوورسیز اور ہیومن ریسورس ڈویلپمنٹ زلفی بخاری کے زیر صدارت ہونے والے اجلاس میں ویڈیو کانفرنس کے ذریعے شرکت کرنے کے دوران کیا۔ اجلاس میں کورونا وائرس کووڈ-19 سے

بقیہ نمبر36 صفحہ 3 پر

کوئٹہ پی این پی کے سینئر نائب صدر عبدالولی کاکڑ بعیت کے کیس میں اعتزاز بلوچ، سیکرٹری بلدیات صالح محمد ناصر کے بھائی کی وفات پر تعزیت کررہے ہیں

ضلع صحبت پور مسائلستان کے گڑھ میں تبدیل ہوچکا ہے، حاجی میر خاوند بخش خان کھوسہ

خیرون (نامہ نگار) پاکستان تحریک انصاف ضلع صحبت پور کے صدر حاجی میر خاوند بخش خان کھوسہ عوامی پریس کلب صحبت پور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کل کو ہونے والے آل پارٹی جس میں پاکستان پیپلز پارٹی نیشنل پارٹی تحریک انصاف اور دیگر اپوزیشن جماعتوں کے

بقیہ نمبر54 صفحہ 3 پر

حاجی عبدالقیوم لانگو کے وفات سے ہم ایک درویش صفت انسان سے محروم ہوگئے، حافظ عبدالمنان لانگو

منگچر (نامہ نگار) جمعیت علمائے اسلام زرو منگچر کے رہنماؤں حافظ عبدالمنان لانگو، حاجی محمد اسحاق لانگو، مولوی عبدالقیوم لانگو، ڈاکٹر محمد حنیف لانگو، حاجی محمد صدیق لانگو، حافظ سلیم زردی، ظفر اقبال لانگو و دیگر نے اپنے مشترکہ بیان

بقیہ نمبر61 صفحہ 3 پر

صوبائی حکومت صحت کے شعبے میں مزید بہتری کیلئے ٹھوس اقدامات کررہی ہے، قائم لاشاری

حکومت بلوچستان محکمہ صحت پر اربوں روپے خرچ کررہی ہے جسکا مقصد دکھی انسانیت کی خدمت کرنا ہے

پشین (خ ن) ڈپٹی کمشنر پشین قائم لاشاری نے کہا کہ صوبائی حکومت صحت کے شعبے میں مزید بہتری کیلئے ٹھوس اقدامات کررہی ہے حکومت بلوچستان محکمہ صحت پر اربوں روپے خرچ کررہی ہے جسکا مقصد دکھی انسانیت کی خدمت کرنا ہے یہ بات انہوں نے کلی کمالزئی میں صحت کے بنیادی مرکز کی افتتاح کرنے کے بعد ڈاکٹرز اور علاقہ مکینوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے ہسپتال

بقیہ نمبر42 صفحہ 3 پر

بیلہ سول ہسپتال کا بجٹ ایک کروڑ سے ڈیڑھ کروڑ تک ہونا چاہئے، ڈاکٹر عبدالرشید رونجہ

اوتھل (نامہ نگار) بیلہ سول ہسپتال کا بجٹ ایک کروڑ سے ڈیڑھ کروڑ تک ہونا چاہئے بیلہ شہری آبادی کافی زیادہ ہے جبکہ ہمارا بجٹ پچاس سے ساٹھ لاکھ تک ہے محدود وسائل میں بھی کوشش کرتے ہے کہ کسی بھی قسم کا مریض آئے تو ہم اسکا

بقیہ نمبر43 صفحہ 3 پر

اوستہ محمد حاجی صدام حسین عمرانی کا اپنے ساتھیوں سمیت نصیر آباد پولیس کے خلاف احتجاج

اوستہ محمد (نامہ نگار) تحصیل بابا کوٹ نصیر آباد کوٹ پلیانی کے رہائشی حاجی صدام حسین عمرانی نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کچھ روز قبل میں اور میرے ناعلی مدد عمرانی اپنی زمینوں پر جارہے تھے کہ اچانک چار مسلح افراد نے ہماری گاڑی پر اچانک فائرنگ کردیا جس کے نتیجے میں اور میرے ناعلی مدد شدید زخمی ہو

بقیہ نمبر49 صفحہ 3 پر

عوام اور تاجر برادری کورونا وائرس سے بچاؤ کے لئے حفاظتی تدابیر پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں، ڈاکٹر محمد یاسر بازئی

ضلعی انتظامیہ اور پولیس نے شہر میں ایس او پیز کی خلاف ورزی پر دو شاپنگ سنٹروں سمیت گیارہ دکانوں کو سیل کردیا ہے

سبی (این این آئی) ڈپٹی کمشنر سبی ڈاکٹر محمد یاسر بازئی نے کہا ہے کہ سبی میں مجموعی طور پر اب تک 55 افراد کورونا وائرس کا شکار ہو چکے ہیں، 17 مریض صحت یاب ہو کر اپنے گھروں کو واپس پہنچ گئے ہیں، عوام اور تاجر برادری کورونا وائرس سے بچاؤ کے لئے حفاظتی تدابیر پر عملدرآمد کو یقینی

بقیہ نمبر50 صفحہ 3 پر

ڈیرہ مراد جمالی میں مچھروں اور مکھیوں سے نجات کیلئے اسپرے کرایا جائے، علامہ شبیر احمد نوری

صفائی کی ناقص صورتحال نے ڈیرہ مراد جمالی شہر کو گندگی و غلاظت کے ڈھیر میں تبدیل کردیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) تحفظ مساجد و مدارس اہلسنت پاکستان کے سربراہ علامہ شبیر احمد نوری نے میڈیا وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ڈیرہ مراد جمالی میں مچھروں اور مکھیوں سے نجات کیلئے اسپرے کرایا جائے صفائی کی ناقص صورتحال نے ڈیرہ مراد جمالی شہر کو گندگی

بقیہ نمبر51 صفحہ 3 پر

عوام کو او پی ڈی سہولت اور مختلف دوائیاں مہیا کی جائینگی، ڈاکٹر رخسانہ مگسی صاحبہ

کورونا وائرس لاک ڈاؤن میں پرائیوٹ کلینک بند ہونے کے بعد تمام سرکاری ہسپتال چوبیس گھنٹے کھلیں رہیں گے

گندواہ (نامہ نگار) کورونا وائرس لاک ڈاؤن میں پرائیوٹ کلینک بند ہونے کے بعد تمام سرکاری ہسپتال چوبیس گھنٹے کھلیں رہیں گے۔ عوام کو او پی ڈی سہولت اور مختلف دوائیاں مہیا کی جائینگی۔ جو وافر مقدار میں ہسپتال میں موجود ہیں۔ غریب عوام کو صحت کی سہولت پہنچانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائینگے اس حوالے کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ (ڈی ایچ او میڈم رخسانہ مگسی) تحصیلات کے مطابق ڈی ایچ او ضلع جھل مگسی ڈاکٹر رخسانہ مگسی صاحبہ نے اپنے اسٹاف کے ساتھ خصوصی میٹنگ کی اور کورونا وائرس لاک ڈاؤن کے حوالے سے ضلع جھل مگسی میں پرائیوٹ کلینک کی بندش کے فیصلے کے بعد کی صورتحال کا جائزہ لیا اور فیصلہ کیا پرائیوٹ کلینک بند ہونے کے بعد

بقیہ نمبر48 صفحہ 3 پر

ٹائیگر فورس کے رضاکاروں کو کورونا وائرس سے نمٹنے کیلئے شہریوں میں آگاہی مہم بڑھ چڑھ کر حصہ لینا ہوگا، تولا رام لاہی

کورونا وائرس ایک عالمی وباء ہے اور ہمارے ملک میں اب یہ وبا تیزی پھیل رہی ہے جو مستقبل میں خطرناک صورتحال اختیار کرسکتی ہے

اوتھل (نامہ نگار) ٹائیگر فورس اوتھل کا ایک اہم اجلاس زیر صدارت ڈاکٹر تولا رام لاہی منعقد ہوا جس میں ٹائیگر فورس کے 35 رضاکاروں نے شرکت کی اجلاس میں ٹائیگر فورس کے گروپس کے لیڈران نے اپنے اپنے گروپس کی کارکردگی پیش کی اور اگلے لائحہ عمل کے حوالے سے بھی گفتگو کی گئی اس موقع پر ڈاکٹر تولا رام لاہی نے کہا کہ ٹائیگر فورس ک